ژوب، کاکڑخراسان کے علاقے میں دو بچے ڈوب کر جاں بحق

ژوب (آن لائن) کاکڑخراسان کے علاقے میں دو بچے ڈوب کر جاں بحق ہوگئے پولیس کے مطابق دونوں بچے تعمیراتی کمپنی کے کھودے گئے گڑھے کی برساتی پانی میں نہا رہے تھے دونوں بچوں نصرت اللہ اور نصراللہ کی عمریں بالترتیب گیارہ اور بارہ سال ہیں لاشوں کو گڑھے سے نکال کر ورثاء کے حوالے کر دیے گئے۔

★ ABC CERTIFIED ★
Member APNS
روزنامہ
تعمیر وطن
کوئٹہ
Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27.....شمارہ نمبر 304 بروز ہفتہ یکم اگست 2026ء 16 صفر 1448ھ..... قیمت 7 روپے (صفحات 8) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان......ایڈیٹر: ایم ایس خان

بلوچستان میں امن وامان کو ہر قیمت پر یقینی بنایا جائے گا، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع خضدار میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشتگردوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ فورسز کی بروقت اور مؤثر کارروائی نے ایک بڑے دہشتگرد منصوبے کو ناکام بنا کر بے شمار قیمتی انسانی جانیں محفوظ بنائیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے انتہائی پیشہ ورانہ انداز میں بارودی مواد سے بھری دو گاڑیوں کو، جو خودکش حملوں کے لیے تیار کی گئی تھیں، بروقت نشانہ بنا کر تباہ کیا

صدر مملکت اور وزیراعظم کا سورنج میں کوئلہ کان میں پیش آنے والے افسوسناک حادثے پر گہرے رنج و غم کا اظہار

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ محنت کش ہمارا اثاثہ ہیں، مزدوروں کے لیے مستقل حفاظتی اقدامات اٹھائے جائیں۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کوئٹہ کے نواحی (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

وزیراعظم کی ہدایت پر روزانہ کی بنیاد پر منعقد ہونے والی ایمرجنسی رسپانس کمیٹی کا آٹھواں اجلاس



اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ہدایت پر روزانہ کی بنیاد پر منعقد ہونے والی ایمرجنسی رسپانس کمیٹی کا آٹھواں اجلاس نیشنل ایمرجنسیز آپریشن سینٹر (این ای او سی)، این ڈی ایم اے ہیڈکوارٹرز میں منعقد ہوا، جس کی صدارت وفاقی وزیر برائے منصو (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی زیرصدارت پی ایس ایل کا اہم جائزہ اجلاس

لاہور (آن لائن) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے چیئرمین محسن نقوی کی زیرصدارت پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی انتظامیہ اور تمام فرنچائز مالکان کا ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایچ بی ایل پی ایس ایل 11 کے کامیاب انعقاد کا تفصیلی جائزہ لینے (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

بلوچستان پولیس کے استعدادکار کو بڑھاتے ہوئے انہیں جدید تربیت اور ساز وسامان سے آراستہ کرنے کے علاوہ سی ٹی ڈی اور ایس او ڈبلیو کی تنخواہیں اور دیگر مراعات بھی بڑھا رہے ہیں، میر سرفراز بگٹی

بلوچ قوم اور نوجوانوں کو ایک لاحاصل جنگ میں دھکیلا گیا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

فورس کے جوان اپنی جانیں قربان کرکے عوام اور صوبے کے تحفظ کو یقینی بنا رہے ہیں شہداء ہمارے ماتھے کا جھومر ہے تاقیامت پاکستان کو نقصان پہنچانے والوں کے عزائم کامیاب نہیں ہوں گے، خطاب

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان پولیس کے استعدادکار کو بڑھاتے ہوئے انہیں جدید تربیت اور سازو سامان سے آراستہ کرنے کے علاوہ سی ٹی ڈی اور ایس او ڈبلیو کی تنخواہیں اور دیگر مراعات بھی بڑھا رہے ہیں فورس کے جوان اپنی جانیں قربان کرکے عوام اور صوبے کے تحفظ کو یقینی بنا رہے ہیں شہداء ہمارے ماتھے کا جھومر ہے بلوچ قوم اور نوجوانوں کو ایک لاحاصل جنگ میں دھکیلا گیا ہے جس سے کچھ حاصل نہیں ہوگا اور تا قیامت پاکستان کو نقصان پہنچانے والوں کے عزائم کامیاب نہیں ہوں گے۔ انہوں نے اے ٹی ایف سکول کے لیے 15 کروڑ روپے دینے کا اعلان کیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اے ٹی ایف کے 20 ویں بیسک پاسنگ آؤٹ پریڈ کے (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اے ٹی ایف ٹریننگ اسکول کوئٹہ میں 20 ویں پاسنگ آؤٹ پریڈ کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پانچ سال کے دوران چالیس ہزار تین سو اڑتالیس انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے گئے، بلوچستان کے حوالے سے جان بوجھ کر منفی پروپیگنڈا اور مخصوص بیانیہ بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے، زمینی حقائق کچھ اور ہیں، ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف

دو ہزار چوراسی دہشتگردوں جہنم واصل کیا گیا، رواں سال اب تک دہشتگردی کے باعث مجموعی طور پر 819 پاکستانی شہید ہوئے، پاک فوج کے 303 جوان، پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے 194 اہلکار جبکہ 322 عام شہری شامل ہیں

اب کوئی رعایت نہیں دہشتگردوں کو ہتھیار ڈالنے ہونگے یا ہم انہیں ختم کر دینگے، پاک فوج

محسن نقوی کے بیان پر کوئی تبصرہ نہیں کروں گا وہ ان کا ذاتی بیان ہے، تاہم نئے صوبے بننے چاہئیں اس پر عوام کی رائے ضرور لی جائے، پاکستان کی سلامتی اور خوشحالی کیلئے گڈ گورننس ناگزیر ہے، ہمیں گورننس کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہے، اس کے بغیر ملک نہیں چل سکتا

اسلام آباد (آن لائن) ڈی جی آئی ایس پی آر لفٹیننٹ جنرل احمد شریف راحیل نے کہا ہے کہ ہم ہارڈ سٹیٹ نہیں ہیں، دہشتگردوں سے مذاکرات کی کوئی گنجائش نہیں، دہشتگرد ہتھیار ڈالیں یا ہم انہیں ختم کر دیں گے، ریاست سے وفاداری ہر شہری کی ذمہ داری ہے، پاکستان ہی ہماری پہلی اور آخری پہچان ہے۔ دہشتگردی بھارت اور افغانستان کا مشترکہ ایجنڈا ہے۔ افغان طالبان رجیم دہشتگردی کو بطور کاروبار استعمال کر رہی ہے۔ محسن نقوی کے بیان پر کوئی تبصرہ نہیں (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

اوگرا کی اصلاحات کا فیصلہ، پٹرولیم سپلائی چین کی مکمل ڈیجیٹل نگرانی کا حکم

تیل کی سپلائی چین، ریگولیٹری نظام کی بہتری اور ادارے کی تنظیم نو سے متعلق امور کا جائزہ

ادارہ جاتی استعداد بڑھانے اور عوامی مفاد کے تحفظ کے لیے جامع اقدامات کی ہدایت

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) میں جامع اصلاحات، ادارہ جاتی استعداد میں اضافے اور تیل و گیس کے شعبے میں شفافیت یقینی بنانے کے لیے جدید ڈیجیٹل نظام کے فوری نفاذ کی ہدایت کردی۔ انہوں نے کہا ہے کہ حکومت عوام کی ایک ایک پائی کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے اور کسی کو عوام کے (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

بلوچستان کا اصل مسئلہ دہشت گردی کے ساتھ اسٹیٹس کو بھی ہے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

راولپنڈی (آن لائن) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ بلوچستان کے مسائل کی جڑ تک پہنچنا ضروری ہے اور صوبے کا بنیادی مسئلہ وہاں موجود اسٹیٹس کو، بااثر سردار اور اشرافیہ کا وہ طرز عمل ہے جو عوام، خصوصاً غریب طبقے کی ترقی کی راہ میں رکاوٹ بنتا ہے۔

بیلاروس کے اعلیٰ سطحی دفاعی وفد کی ایئر چیف سے ملاقات

پاکستان اور بیلاروس کے درمیان دفاعی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار

اسلام آباد (آن لائن) جمہوریہ بیلاروس کے اعلیٰ سطحی دفاعی وفد نے، جس کی قیادت مسلح افواج کے چیف آف جنرل اسٹاف اور دفاع کے پہلے نائب وزیر میجر جنرل مراویکو پاویل نکولایوچ کر رہے تھے، ایئر ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے اہم ملاقات کی۔ ظہیر احمد بابر سدھو نے معزز وفد کا خیر مقدم کرتے ہو (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

براڈ پیک پر برفانی تودہ 10 لاپتہ کوہ پیماؤں کی تلاش جاری، 2 لاشیں برآمد، اطالوی کوہ پیما بھی بچا لیا گیا

سکردو (آن لائن) قراقرم کے سلسلہ کوہ کی بلند چوٹی براڈ پیک پر برفانی تودہ گرنے کے بعد لاپتہ کوہ پیماؤں کی تلاش کے لیے سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن بدستور جاری ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق سرچ آپریشن کے دوران لاپتہ (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

محمد اسحاق ڈار کا پاکستان کیلئے ایک اہم معاشی پیش رفت کا اعلان

پاکستان کو وار رسک لسٹ سے نکال دیا گیا، عالمی اعتماد میں اضافہ ہوگا: اسحاق ڈار

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے پاکستان کے لیے ایک اہم معاشی پیش رفت کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کو WarJoint Lloyd's Committee** کی وار رسک لسٹ سے نکال دیا گیا ہے، جو عالمی سطح پر ملک کے لیے ایک بڑا معاشی سنگ میل ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

اسلام آباد، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے ڈائریکٹر جنرل (DGTO) بلال خان پاشا ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ کے نواحی علاقے میں ہزاروں فٹ زیرزمین محنت مزدوری کرنے والے درجنوں کان کن چند لمحوں میں موت کی آغوش میں چلے گئے

کوئٹہ کوئلے کی کان حادثہ 34 کان کن جاں بحق، ملبے تلے دبے مزید افراد کی تلاش کیلئے ریسکیو آپریشن جاری

کوئلہ کان کے ہولناک حادثے میں شانگلہ سے تعلق رکھنے والے 34 مزدور جاں بحق شانگلہ کو ایک بار پھر غم کی ایسی کیفیت میں مبتلا کر دیا

سب سے زیادہ دل دہلا دینے والا منظر ایک ہی گھر کے تین سگے بھائیوں اور ان کے چچا کی شہادت جبکہ دوسرے خاندان سے بھی دو سگے بھائی شامل ہے

کوئٹہ / شانگلہ (آن لائن) بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ کے نواحی علاقے سپین کاریز (سورنج) میں پیش آنے والے کوئلہ کان کے ہولناک حادثے میں شانگلہ سے تعلق رکھنے والے 34 مزدور جاں بحق ہوگئے۔ اس واقعے نے شانگلہ کو ایک بار پھر غم کی ایسی کیفیت میں مبتلا کر دیا ہے جس کی مثال گزشتہ کئی برسوں میں کم ہی ملتی ہے۔ ہزاروں فٹ زیرزمین محنت مزدوری کرنے والے درجنوں کان کن چند لمحوں میں موت کی آغوش میں چلے گئے۔ ان میں شانگلہ سے تعلق رکھنے والے 34 مزدور شامل تھے جبکہ سب سے زیادہ دل دہلا دینے (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

اسلام آباد: وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک سے آذربائیجان کے پاکستان میں سبکدوش ہونے والے سفیر خضر فرہادوف ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان بلوچستان پرائس کنٹرول اور منافع خوری، ذخیرہ اندوزی کی روک تھام ایکٹ 2026 کے سلسلے میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

غمزدہ خاندانوں کے دکھ میں برابر کی شریک ہے اور متاثرہ خاندانوں کو ہر ممکن تعاون اور سہولت فراہم کی جائے گی، شاہد رند

میر سرفراز بگٹی کا سورنج کوئلہ کان کنوں کو فی کس 5 لاکھ روپے مالی امداد دینے کا اعلان

جاں بحق کان کنوں کی لاشیں ان کے آبائی علاقوں تک باعزت طریقے سے پہنچانے کیلئے تمام ضروری انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں

کوئٹہ (خ ن) معاون وزیراعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند نے کہا ہے کہ سورنج میں کوئلہ کان کے افسوسناک حادثے میں جاں بحق ہونے والے کان کنوں کے لواحقین کے لیے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے فی کس پانچ لاکھ روپے مالی امداد کا اعلان (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین کی زیرصدارت اعلیٰ سطحی اجلاس

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین کی زیرصدارت اعلیٰ سطحی اجلاس میں خوراک و زراعت کی تنظیم (FAO) کے ایشیا و بحرالکاہل کے (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

رواں سال 40 ہزار سے زائد انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز، 2 ہزار 84 دہشت گرد جہنم واصل

جاری کارروائیوں کے دوران 2 ہزار 84 مصدقہ دہشت گرد ہلاک کیے گئے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (آن لائن) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ ملک بھر میں دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری ہیں اور رواں سال مجموعی طور پر 40 ہزار 348 انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے گئے۔ پریس بریفنگ (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

بلوچستان پولیس کے 4258 نوجوان کامیابی سے بیسک اے ٹی ایف کورس کر چکے ہیں، اسد فاروق

کوئٹہ (آن لائن) اے ٹی ایف ٹریننگ سکول کے کمانڈنٹ کرنل (ر) اسد فاروق نے کہا ہے کہ اے ٹی ایف سکول میں ایس (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

ضیاء اللہ لانگو کا سورنج میں کوئلہ کان حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

حکومت اس مشکل گھڑی میں شہداء کے لواحقین کے ساتھ کھڑی ہے، وزیر داخلہ

کوئٹہ (خ ن) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے کوئٹہ کے نواحی علاقے سورنج میں کوئلہ کان حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ لواحقین سے مکمل یکجہتی اظہار اور ہر ممکن تعاون کے لئے تیار ہیں اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ اس (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

لائن لاسز میں تقریباً 4 فیصد کمی، ریکوری 101.05 فیصد تک پہنچ گئی

قومی خزانے کو 58 ارب روپے سے زائد کی مالی بہتری حاصل ہوئی، اویس لغاری

اسلام آباد (آن لائن) بجلی کے شعبے میں جاری اصلاحات کے مثبت نتائج سامنے آنے لگے، لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) نے گزشتہ دو برس کے دوران نمایاں مالی اور (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

بلوچستان میں معدنیات، آئی ٹی، مصنوعی ذہانت اور سولر انرجی میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں

گورنر بلوچستان اور برطانوی ڈپٹی ہائی کمشنر ملاقات، دوطرفہ تعاون کے فروغ پر اتفاق

ہمارا صوبہ قیمتی معدنیات، قدرتی وسائل، ماہی گیری، زراعت، لائیو سٹاک اور ملنسار لوگوں کی سرزمین ہے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کے اعزاز میں سندھ کے دارالحکومت کراچی میں برطانوی ڈپٹی ہائی کمشنر مس ایلیسن بلیک برن (Ms BlackburneAlisom) کی جانب سے ظہرانے کا اہتمام کیا۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی اور پاکستان اور برطانیہ کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات کا اعادہ کیا۔ ملاقات کے دوران گورنر بلوچستان اور ڈپٹی ہائی کمشنر نے ریجنل پیش رفت، بلوچستان میں منا (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

شہباز شریف کا خضدار میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

دہشتگردی کا مکمل خاتمہ کیا جائیگا ملک میں بدامنی پھیلانے کی ہر مذموم کوشش ناکام بنا دیں گے

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بلوچستان کے ضلع خضدار میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم "فتنہ الہندوستان" کے دہشت گردوں کے خلاف کامیا (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

گورنر بلوچستان اور وزیراعلیٰ بلوچستان سے وفاقی وزیر امیر مقام کا ٹیلیفونک رابطہ

کوئٹہ / کراچی (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام کا سورنج کوئلہ کان حادثہ سے متعلق ٹیلیفونک (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

بلوچستان میں آباد کشمیری عوام کی صوبے کی ترقی اور خوشحالی کیلئے خدمات کسی سے پوشیدہ نہیں ہیں

بلوچستان ہم سب کا مشترکہ گھر ہے، سیدال خان ناصر

کشمیری عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا کہ بلوچستان میں آباد کشمیری عوام کی صوبے کی ترقی اور خوشحالی کیلئے خدمات کسی سے پوشیدہ نہیں ہیں کشمیری عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے بلوچستان ہم سب کا مشترکہ گھر ہے جس کی تعمیر و ترقی کیلئے ہمیں ملکر کام کرنا ہوگا۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو یہاں کوئٹہ میں ملاقات کرنے والے مختلف وفود سے بات چیت (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

وزیراعظم شہباز شریف سے عالمی بینک کے وفد کی ملاقات

مالیاتی وفاقیت پر رپورٹ کا جائزہ لینے کیلئے اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے عالمی بینک کی کنٹری ڈائریکٹر بولورما امگابازر (AmgaabazaBolormaaMs.) کی قیادت میں وفد نے اسلام آباد میں ملاقات کی، جس میں پاکستان کی معاشی اصلاحات، مالیاتی وفاقیت اور وفاق وصوبوں کے درمیان مالیاتی تعاون سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم نے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے عالمی بینک کے ساتھ پاکستان کی دیرینہ شراکت داری کو سراہا اور ملکی سماجی ومعاشی ترقی میں ادارے کے کردار کی تعریف کی۔ انہوں نے پاکستان کی ترقیاتی سفر میں عالمی (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

عبدالرزاق خجک سے زمیندار ایکشن کمیٹی کے وفد نے صدر ملک عصمت اللہ کی قیادت میں ملاقات

موسیٰ خیل (خ ن) ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق خجک سے زمیندار ایکشن کمیٹی کے وفد نے صدر ملک عصمت اللہ کی قیادت میں ملاقات (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

تنظیم اساتذہ پاکستان کی شش ماہی مجلس انتظامیہ کا دوروزہ اجلاس

فرید آباد (آن لائن) تنظیم اساتذہ پاکستان کی شش ماہی مجلس انتظامیہ کا دو (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کا اعلامیہ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کی جانب سے تمام ٹرک، ٹریلر، مزدا اور دیگر کمرشل گاڑیوں کے مالکان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کوئٹہ کراچی روڈ اور کوئٹہ تفتان (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

کوئٹہ، اے ٹی ایف ٹریننگ سکول کے 20 ویں بیسک ٹریننگ کورس پاسنگ آؤٹ پریڈ کا منظر

وفاقی آئینی عدالت کا تاریخی فیصلہ

پنشن و پنشنری مراعات ریٹائرڈ ملازمین کا قانونی حق قرار، تاخیر پر توہین عدالت کی تنبیہ

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی آئینی عدالت نے ریٹائرڈ سرکاری ملازمین کے حقوق کے تحفظ کے لیے تاریخی فیصلہ سناتے ہوئے پنشن اور پنشنری مراعات کو ان کا بنیادی قانونی حق قرار دے دیا ہے۔ جسٹس ارشد حسین نے 9 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ جاری کیا۔ فیصلے میں واضح کیا گیا ہے کہ پنشن اور مراعات کسی ریٹائرڈ ملازم پر احسان نہیں بلکہ اس کا جائز اور قانونی استحقاق ہیں۔ عدالت نے کہا کہ ان مراعات کو کسی مجاز عدالت کے حکم کے بغیر روکا نہیں جاسکتا اور ادائیگی میں غیرضروری تاخیر قانون کی صریح خلاف ورزی ہے۔ وفاقی آئینی عدالت نے مزید کہا کہ اعلیٰ عدلیہ پہلے ہی پنشن اور مراعات میں تاخیر کے خلاف متعدد فیصلے دے چکی ہے۔ اب اگر کوئی ادار (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

نال: گدان پبلک لائبریری کرایہ کی عدم ادائیگی کے باعث دوسری جگہ منتقل ہونے پر مجبور

نال (آن لائن) نال کے علاقے گدان میں قائم پبلک لائبریری کرایہ ادا نہ ہونے کے باعث شدید مالی مشکلات کا شکار ہوگئی ہے، جس کے نتیجے میں لائبریری کو اپنی موجودہ عمارت چھوڑ کر دوسری جگہ منتقل ہونے پر مجبور ہونا پڑ رہا ہے۔ یہ لائبریری کئی برسوں سے غریب اور متوسط طبقے کے طلبہ و طالبات کو مفت مطالعہ اور تعلیم حاصل (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

اسحاق ڈار اور سعودی ہم منصب شہزادہ فیصل بن فرحان کا ٹیلیفونک رابطہ

صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال، اردن کی جانب سے فلسطین پر اجلاس بلانے کی تجویز کا خیر مقدم

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور سعودی عرب کے وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے، جس میں دوطرفہ تعلقات سمیت خطے اور دنیا کی تازہ ترین صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں وزرائے خارجہ کے درمیان ہونے والی گفتگو میں خطے کی مجموعی سلامتی اور عالمی امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اس دوران بحیرہ احمر اور باب المندب کی تازہ ترین صورتحال کا بھی باریک بینی سے جائزہ لیا گیا اور خطے میں امن واستحکام کے قیام کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ گفتگو کے دوران دونوں رہنماؤں نے اردن کی جانب سے فلسطین، بالخصوص مشرقی یروشلم کی ابتر صورتحال پر عرب (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

پولیس شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، محمد طاہر

قومی سلامتی اور امن وامان کے قیام کے لیے بلوچستان پولیس اپنا اہم کردار ادا کرتی رہی گی، تقریب سے خطاب

قومی جذبے کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام دیتے ہوئے صوبے میں عوام کے تحفظ اور امن وامان کے قیام میں اپنا مؤثر کردار ادا کریں گے

کوئٹہ (خ ن) انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا کہ بلوچستان پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مشترکہ طور پر ہر اول دستے کا کردار ادا کر رہی ہے۔ پولیس شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ قومی سلامتی اور امن و امان کے قیام کے لیے بلوچستان پولیس اپنا اہم کردار ادا کرتی رہی گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

ملک کی موجودہ صورتحال پر پارلیمنٹ کو اعتماد میں لینے کا فیصلہ

سینیٹ اور قومی اسمبلی کے اجلاس اگست میں بلائے جائیں گے، ذرائع

ذرائع کے مطابق اجلاسوں کے انعقاد کے لیے حتمی شیڈول کا اعلان جلد متوقع ہے

اسلام آباد (آن لائن) حکومت نے ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر پارلیمنٹ کو اعتماد میں لینے کا فیصلہ کرتے ہوئے سینیٹ اور قومی اسمبلی کے اجلاس اگست میں بلانے کا اعلان کیا ہے۔ پارلیمانی ذرائع کے مطابق دونوں ایوانوں کے اجلاس آزاد جموں کشمیر کے انتخابات کے بعد الگ الگ منعقد کیے جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق پہلے قومی اسمبلی کا اجلاس 7 اگست کو طلب (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت اجلاس

ذخیرہ اندوزی ومنافع خوری کے خلاف مؤثر کارروائی کے لیے اس قانونی اصلاحات کے نفاذ کی خواہاں ہے

بلوچستان پرائس کنٹرول اور منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی کی روک تھام ایکٹ 2026 کے سلسلے میں اجلاس

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیرصدارت بلوچستان پرائس کنٹرول اور منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی کی روک تھام ایکٹ 2026 کے سلسلے میں اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبائی حکومت نے صوبے میں قیمتوں کے استحکام، ناجائز منافع خوری کی روک تھام اور عوامی مفادات کے تحفظ کے لیے ایک جامع قانونی مسودہ "بلوچستان پرائس کنٹرول اینڈ پریوینشن آف منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

* ABC CERTIFIED *
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

ذخیرہ اندوزی کیخلاف کارروائی

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت بلوچستان پرائس کنٹرول اور منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی کی روک تھام ایکٹ 2026 کے سلسلے میں اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبائی حکومت نے صوبے میں قیمتوں کے استحکام، ناجائز منافع خوری کی روک تھام اور عوامی مفادات کے تحفظ کے لیے ایک جامع قانونی مسودہ "بلوچستان پرائس کنٹرول اینڈ پریوینشن آف منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی ایکٹ" 2026 تیار کیا ہے۔ اس موقع پر اجلاس کو بتایا گیا کہ یہ مجوزہ قانون 1977 کے قدیم وفاقی فریم ورک کی جگہ لے گا اور صوبائی سطح پر مؤثر نفاذ کے لیے جدید اور مضبوط انتظامی ڈھانچے اور کارروائیوں کا تعین کرتا ہے۔ 18 ویں ترمیم کے بعد قیمتوں کا کنٹرول صوبائی موضوع ہے؛ موجودہ 1977 کا ایکٹ وفاقی دور کا رہ جانے والا ہے۔ مجوزہ 2026 ایکٹ مکمل طور پر صوبائی اختیارات اور ضروریات کے مطابق ترتیب دیا گیا ہے۔ مجوزہ قانون میں پرائس کنٹرول کونسل، صوبائی کنٹرولر جنرل اور ڈپٹی کمشنرز کو ضلع کنٹرولرز کے طور پر تعین کرنے سمیت ایک مربوط کمانڈ اسٹرکچر وضع کیا گیا ہے تاکہ تیز، مربوط اور حسابی کارروائی یقینی بنائی جا سکے، اور یہ مسودہ قانون کو موجودہ صوبائی کابینہ کو پیش کیا جائے گا تاکہ رائے شماری اور درکار ترامیم کے بعد اسے صوبائی اسمبلی میں پیش کیا جا سکے۔ متعلقہ اسٹیک ہولڈرز بشمول وزارتِ قانون، محکمہ کموڈٹی مینجمنٹ، ضلعی انتظامیہ، اور تجارتی نمائندوں کو مشاورت کے لیے شامل کیا جائے گا۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ صوبائی حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے، مارکیٹ میں منصفانہ رویہ یقینی بنانے اور ذخیرہ اندوزی و منافع خوری کے خلاف مؤثر کارروائی کے لیے اس قانونی اصلاحات کے نفاذ کی خواہاں ہے۔

بقیہ 01

حات نافذ کرتا ہوں گی تاکہ کسان اور صارف دونوں کو حقیقی ریلیف مل سکے۔ انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ حکومت کی جانب سے 3500 روپے فی من گندم کی امدادی قیمت مقرر کی گئی، تاہم زرعی ماہرین اور کسانوں کے مطابق یہ قیمت پیداواری لاگت کے مقابلے میں ناکافی تھی۔ اس پالیسی کے باعث کسانوں کو اپنی محنت کا مناسب معاوضہ نہیں ملا، جس سے ان کی مالی مشکلات میں مزید اضافہ ہوا۔ چوہدری شوکت علی چدھڑ نے کہا کہ کھاد، بیج، زرعی ادویات، ڈیزل اور دیگر زرعی مداخل کی قیمتیں تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکی ہیں، جبکہ متعلقہ ادارے ان قیمتوں پر مؤثر نگرانی کرنے میں ناکام دکھائی دیتے ہیں۔ نتیجتاً زرعی پیداواری لاگت میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے، جس کا براہ راست بوجھ کسان اور بالآخر عام صارف پر پڑ رہا ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر کسان کو اس کی فصل کا منصفانہ معاوضہ نہ دیا گیا اور زرعی مداخل کی قیمتوں کو کنٹرول نہ کیا گیا تو نہ صرف زرعی شعبہ مزید بحران کا شکار ہوگا بلکہ ملک کی غذائی خودکفالت اور معاشی استحکام بھی خطرات سے دوچار ہو سکتے ہیں۔ مرکزی صدر چیمبر آف فوڈ اینڈ ایگریکلچر پاکستان نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ گندم کی امدادی قیمت کا ازسرِنو جائزہ لے کر کسان کو پیداواری لاگت کے مطابق مناسب معاوضہ دیا جائے، کھاد، بیج اور زرعی ادویات کی قیمتوں کو مؤثر ریگولیٹری نظام کے ذریعے قابو میں لایا جائے، آٹے اور روٹی کی قیمتوں میں استحکام کے لیے شفاف اور مؤثر پالیسی اختیار کی جائے، جبکہ زرعی شعبے سے متعلق تمام فیصلوں میں کسان تنظیموں، زرعی ماہرین اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیا جائے۔ چوہدری شوکت علی چدھڑ نے مزید کہا کہ پاکستان کی معاشی ترقی، غذائی خودکفالت اور دیہی خوشحالی کا انحصار ایک مضبوط، بااختیار اور خوشحال کسان پر ہے۔ اگر حکومت نے بروقت کسان دوست پالیسیاں اختیار کیں تو نہ صرف زرعی پیداوار میں اضافہ ہوگا بلکہ عوام کو بھی سستا آٹا اور دیگر اشیائے خورونوش کی فراہمی ممکن ہو سکے گی۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ زرعی شعبے کو قومی معیشت کی بنیاد سمجھتے ہوئے فوری، عملی اور دیرپا اقدامات کیے جائیں تاکہ کسان، صارف اور ملکی معیشت سب مستفید ہو سکیں۔

بقیہ 02

لیکن ذاتی حملوں، تضحیک آمیز الفاظ اور کردار کشی پر مبنی سیاست کسی بھی مہذب جمہوری معاشرے میں قابلِ قبول نہیں۔ بلاول بھٹو زرداری کو چاہیے کہ وہ اپنی سیاسی تربیت کا مظاہرہ کرتے ہوئے عوامی مسائل پر بات کریں، نہ کہ ایسے بیانات دیں جو سیاسی ماحول کو مزید آلودہ کریں۔ محترمہ مریم نواز شریف نے عوامی خدمت، سیاسی جدوجہد اور عوامی اعتماد کے ذریعے اپنی سیاسی حیثیت منوائی ہے۔ ان کی کردار کشی کی ہر کوشش نہ صرف ناکام ہوگی بلکہ عوام خود اس کا جواب دیں گے۔ اگر پیپلز پارٹی کے پاس عوام کے سامنے پیش کرنے کے لیے کارکردگی موجود ہے تو وہ اسے سامنے لائے۔ ذاتی حملے، الزام تراشی اور غیر مہذب گفتگو سیاسی کمزوری کی علامت ہیں، دلیل اور کارکردگی کی نہیں۔ ہم واضح کرتے ہیں کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) اپنی قیادت کے خلاف ہر بے بنیاد، توہین آمیز اور غیر ذمہ دارانہ بیان کو دوٹوک الفاظ میں مسترد کرتی ہے۔ ہم بلاول بھٹو زرداری سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ اپنے بیان پر معذرت کریں اور آئندہ ذمہ دارانہ سیاسی رویہ اختیار کریں۔ پاکستان کو اس وقت باہمی احترام، سنجیدہ مکالمے اور قومی مسائل کے حل کی ضرورت ہے، نہ کہ ایسی سیاست کی جو صرف انتشار اور تلخی کو جنم دے رہے ہیں

بقیہ 03

اظہار کرتے ہوئے جاں بحق کان کنوں کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کی مغفرت فرمائے، انہیں اپنے جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور سوگوار خاندانوں کو صبرِ جمیل دے۔ میر سرفراز بگٹی نے محکمہ مائنز اینڈ منرلز کو ہدایت کی کہ واقعے کی مکمل، شفاف اور غیر جانبدارانہ انکوائری کر کے حادثے کی وجوہات کا تعین کیا جائے اور تفصیلی رپورٹ فوری طور پر پیش کی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اگر تحقیقات کے دوران کسی بھی سطح پر غفلت، کوتاہی یا حفاظتی ضوابط کی خلاف ورزی ثابت ہوئی تو ذمہ داروں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ متاثرہ خاندانوں کو ہر ممکن معاونت فراہم کرنے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ کان کنوں کی جانوں کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے اور صوبے بھر کی کوئلہ کانوں میں حفاظتی معیارات اور مائننگ قوانین پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ انسانی جانوں کے تحفظ پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور مستقبل میں ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے

بقیہ 04

مگر حفاظتی انتظامات میں معمولی سی غفلت بھی ناقابلِ تلافی انسانی سانحات کو جنم دیتی ہے۔ انہوں نے حادثے میں جاں بحق ہونے والے کان کنوں کے اہلِ خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کی کامل مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے، لواحقین کو صبرِ جمیل دے اور زخمیوں کو جلد از جلد مکمل صحت یابی نصیب فرمائے۔ میر علی حسن زہری نے حکومتِ بلوچستان اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ حادثے کی فوری، شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کر کے ذمہ دار عناصر کا تعین کیا جائے اور مستقبل میں ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام کے لیے مؤثر اور عملی اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئلہ کانوں میں جدید حفاظتی نظام، گیس مانیٹرنگ، وینٹیلیشن، ہنگامی ریسکیو سہولیات اور باقاعدہ حفاظتی آلات کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کوئلہ کانوں کے مالکان پر زور دیا کہ وہ کان کنوں کی جانوں کے تحفظ کو اولین ترجیح دیں اور تمام قانونی و حفاظتی تقاضوں پر سختی سے عمل درآمد کریں۔ حفاظتی آلات کی فراہمی، کارکنوں کی تربیت اور محفوظ ماحول کی فراہمی صرف قانونی تقاضا ہی نہیں بلکہ ایک اخلاقی اور انسانی ذمہ داری بھی ہے۔ انسانی جانوں پر کسی قسم کا سمجھوتہ ہرگز قابلِ قبول نہیں۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ ایک کان کن کی شہادت صرف ایک فرد کا نقصان نہیں بلکہ ایک پورے خاندان کے مستقبل سے جڑا سانحہ ہوتی ہے۔ حکومت، متعلقہ اداروں اور کان مالکان کو مشترکہ ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایسے مؤثر اقدامات کرنے ہوں گے تاکہ آئندہ کسی محنت کش کا گھر اس طرح اجڑنے نہ پائے اور بلوچستان کے کان کن محفوظ ماحول میں باعزت طریقے سے اپنا روزگار کما سکیں۔

بقیہ 05

میہ کے مطابق صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے کمانڈر نیشنل سٹریٹجک کمانڈ جنرل سید عامر رضا کو نشانِ امتیاز (ملٹری) عطا کرنے کی منظوری دی ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ ہفتے وزیراعظم شہباز شریف نے لیفٹیننٹ جنرل عامر رضا کو فور سٹار جنرل کے عہدے پر ترقی دے کر کمانڈر نیشنل سٹریٹجک کمانڈ مقرر کیا تھا۔ وزیراعظم آفس کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے لیفٹیننٹ جنرل عامر رضا، ہلالِ امتیاز (ملٹری)، ستارہ بسالت، چیف آف جنرل سٹاف کو فور سٹار جنرل کے عہدے پر ترقی دینے اور انہیں کمانڈر نیشنل سٹریٹجک کمانڈ مقرر کرنے کی منظوری دی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے جنرل عامر رضا کو ترقی اور نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے ان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور نئی ذمہ داریوں کی انجام دہی میں نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

بقیہ 06

لسبیلہ کے ضلعی ہیڈکوارٹر اوتھل کے نواحی علاقے موضع کنڈیارو میں سرکاری اراضی پر مبینہ قبضے کے الزامات سامنے آئے ہیں۔ مقامی ذرائع کے مطابق مذکورہ سرکاری زمین مبینہ طور پر شبیر احمد ولد عبداللطیف، سکنہ مستونگ، کی جانب سے اکبر پٹھان نامی شخص کو اسٹامپ پیپر کے ذریعے فروخت کیے جانے کا دعویٰ کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ اکبر پٹھان نے دیگر جگہوں پر بھی سرکاری زمین کیسو ایکڑ رقبے سے زیادہ پر مبینہ قبضے کر رکھے ہیں اطلاعات کے مطابق جب ایک مقامی صحافی نے اس حوالے سے اکبر پٹھان سے موقف جاننے کی کوشش کی تو مبینہ طور پر انہوں نے کہا کہ "کوئی یہاں ماں کا لال نہیں جو مجھے قبضہ کرنے سے روک سکے۔" اور صحافی کو مبینہ طور پر دھمکیاں دی۔ واضح رہے کہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے سرکاری اراضی پر قبضوں، غیر قانونی خرید و فروخت اور لین دین کی روک تھام کے لیے مختلف اقدامات اور پابندیاں نافذ کی جا چکی ہیں۔ اس کے باوجود عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ سرکاری اراضی سے متعلق مبینہ بے ضابطگیوں کی شکایات تشویش کا باعث ہیں۔ عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر لسبیلہ، اسسٹنٹ کمشنر اوتھل، محکمہ اینٹی کرپشن بلوچستان، بورڈ آف ریونیو بلوچستان اور دیگر متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ موضع کنڈیارو و دیگر علاقوں پر سرکاری اراضی سے متعلق سامنے آنے والے الزامات کی شفاف، غیر جانبدارانہ اور فوری تحقیقات کی جائیں۔ اور اگر کوئی غیر قانونی قبضہ، جعلسازی یا بے ضابطگی ثابت ہو تو ذمہ دار افراد کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ سرکاری زمینوں کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 07

دونوں قومی ایام کو انتہائی شایانِ شان، جوش و جذبے اور منظم طریقے سے منانے کے لیے حتمی فیصلوں پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا کہ اس سال جشنِ آزادی کو ملی جوش و جذبے کے ساتھ منایا جائے گا۔ اس سلسلے میں سرکاری عمارتوں پر چراغاں، قومی پرچموں کی آویزش اور ضلعی سطح پر پروقار تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا۔ اجلاس کے دوران یومِ استحصال کے حوالے سے بھی خصوصی پروگرامز کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا، تاکہ کشمیری عوام کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا جا سکے اور مظلوم کشمیریوں کی جدوجہد کو اجاگر کیا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام متعلقہ محکموں کے سربراہان کو ہدایت کی کہ وہ اپنے فرائضِ منصبی پوری تندہی اور ذمہ داری سے انجام دیں، اور تمام تقریبات کو کامیاب بنانے کے لیے باہمی رابطہ کاری کو مزید بہتر بنائیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے واضح الفاظ میں کہا کہ "اس دفعہ یومِ آزادی کو روایتی انداز سے ہٹ کر انتہائی شایانِ شان طریقے سے منایا جائے گا"۔ انہوں نے تمام محکموں پر زور دیا کہ وہ قومی فریضہ سمجھتے ہوئے ضلعی سطح پر منعقد ہونے والے مختلف پروگرامز اور تقریبات کی کامیابی کو یقینی بنائیں۔

بقیہ 08

ڈوبا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک دشمن عناصر اب کسی بھی رعایت، نرمی یا مصلحت کے مستحق نہیں رہے۔ جو درندہ صفت دہشت گرد نہتے، بے گناہ اور معصوم شہریوں پر بزدلانہ حملے کرتے ہیں، وہ انسانیت اور ریاست دونوں کے دشمن ہیں۔ ایسے دہشت گردوں، ان کے سہولت کاروں اور پشت پناہوں کے خلاف قانون کے مطابق آہنی ہاتھوں سے بلاامتیاز اور فیصلہ کن کارروائی کی جائے تاکہ آئندہ کسی کو معصوم جانوں سے کھیلنے کی جرات نہ ہو۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ زیارت جیسے حساس اور سیاحتی ضلع میں امن و امان کی مخدوش صورتحال کے پیش نظر فوری طور پر تمام سیاسی، مذہبی، قبائلی اور سماجی جماعتوں کا مشترکہ اجلاس طلب کیا جائے تاکہ مشاورت کے ذریعے مؤثر اور دیرپا حکمتِ عملی مرتب کی جا سکے۔ امن و امان کی بحالی کو ہنگامی بنیادوں پر یقینی بنایا جائے کیونکہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی اولین ذمہ داری ہے۔ حاجی دلاور خان کاکڑ نے کہا کہ زیارت صرف اہلِ زیارت کا نہیں بلکہ پورے بلوچستان کا مشترکہ گھر اور فخر ہے۔ ماضی میں لوگ اپنے اہلِ خانہ کے ساتھ یہاں سکون، تفریح اور قدرتی حسن سے لطف اندوز ہونے آتے تھے اور خوشگوار یادیں لے کر واپس جاتے تھے، مگر افسوس کہ آج زیارت خوف اور عدم تحفظ کی علامت بنتا جا رہا ہے۔ اگر بروقت مؤثر اقدامات نہ کیے گئے تو نہ صرف سیاحت بلکہ مقامی معیشت اور عوام کا اعتماد بھی شدید متاثر ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ زیارت کے باشعور عوام نے ہمیشہ شدت پسندی، دہشت گردی اور ہر ایسے خوشنما مگر گمراہ کن نعرے کو مسترد کیا ہے جو امن و استحکام کے خلاف ہو۔ اہلِ زیارت نے ہمیشہ ریاست، قانون اور پرامن بقائے باہمی کا ساتھ دیا ہے، لہٰذا حکومت بھی اپنی آئینی ذمہ داری پوری کرتے ہوئے عوام کو مکمل تحفظ فراہم کرے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعدادِ کار میں فوری اضافہ کیا جائے، انہیں جدید اسلحہ، بلٹ پروف گاڑیاں، مواصلاتی نظام، نگرانی کے جدید آلات اور تمام ضروری حفاظتی وسائل فراہم کیے جائیں تاکہ وہ دہشت گردی کے خطرات کا مؤثر انداز میں مقابلہ کر سکیں۔ ہم پولیس، لیویز اور دیگر سیکیورٹی اہلکاروں کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور یقین رکھتے ہیں کہ ان کی قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی۔ دریں اثناء، حاجی دلاور خان کاکڑ نے زندرہ میں دہشت گردوں کے حملے میں شہید ہونے والے پاک فوج کے ریٹائرڈ سپاہی کے گھر جا کر اہلِ خانہ سے تعزیت، فاتحہ خوانی اور اظہارِ ہمدردی کیا۔ انہوں نے شہید کے درجات بلندی، اہلِ خانہ کے لیے صبرِ جمیل کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم شہدا کے اہلِ خانہ کے غم میں برابر کی شریک ہے اور شہدا کی قربانیوں کو ہمیشہ عزت و احترام کے ساتھ یاد رکھا جائے گا۔

بقیہ 09

انسداد دہشت گردی کورس کے 20 ویں بیچ ٹریننگ کورس پر پاسنگ آؤٹ پریڈ کے موقع خواتین اہلکاروں نے جدید ہتھیاروں کا استعمال، ماہر نشانہ بازی اور اونچی عمارتوں سے رسوں کے ذریعے تیزی سے اترنے اور چڑھنے کی خصوصی تربیت حاصل کی اور اس کا عملی مظاہرہ بھی کیا۔ اور شائقین کی توجہ کا مرکز بھی رہی ہیں۔ انہوں نے دیگر مرد اہلکاروں کے شانہ بشانہ نمایاں کارکردگی بھی حاصل کی۔ جس پر مہمان خصوصی جناب وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے تینوں خواتین پولیس اہلکاروں کو اعلیٰ کارکردگی کو سراہتے ہوئے نقد انعامات سے بھی نوازا۔

بقیہ 10

حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ کے دفتر سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کی عدم توجہی اور تاخیر کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کے گیس بل کی درستگی جلد کی جائیں۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کے گیس بل کی درستگی کر دی جس سے درخواست گزار کو 38515 روپے کا ریلیف فراہم ہوا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 11

زیر کو صوبے بھر میں کشیدہ حالات کے باعث ٹرانسپورٹ گاڑیوں کو پہنچنے والے نقصانات سے آگاہ کیا۔ وفد کے مطابق گڈز ٹرانسپورٹ کمپنی کی گاڑیاں پورے ملک میں سامان کی ترسیل کے لیے استعمال ہوتی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ تین ماہ کے دوران بلوچستان میں ان کی 187 گاڑیاں سامان سمیت چھین لی گئیں جبکہ پچھلے ہفتے مزید 13 گاڑیاں چھینے جانے کے واقعات رونما ہوئے۔ وفد نے خبردار کیا کہ اگر گاڑیوں کو چھینے اور نقصان پہنچانے کا سلسلہ جاری رہا تو وہ مجبوراً پورے ملک میں ہڑتال کی کال دیں گے۔ اس موقع پر میر محمد صادق عمرانی نے وفد سے کہا کہ وہ ہڑتال سمیت ایسی سرگرمیوں سے گریز کریں جن سے عوام الناس براہ راست تکلیف میں مبتلا ہوں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ صوبائی حکومت خود کو عوام کی جان و مال کا محافظ سمجھتی ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی کابینہ صوبے کی تعمیر و ترقی، خوشحالی اور قیامِ امن کے لیے سنجیدہ کوششیں کر رہی ہے، جس کے ثمرات جلد سامنے آنا شروع ہو جائیں گے۔ وفد نے صوبائی وزیر سے استدعا کی کہ وہ وزیر اعلیٰ سے ان کی ملاقات کروائیں تاکہ وہ اپنے مسائل براہ راست وزیر اعلیٰ کے سامنے رکھ سکیں۔ صوبائی وزیر نے وفد کو یقین دہانی کروائی کہ وزیر اعلیٰ سے ملاقات سمیت ان کے تمام جائز مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 12

کی صورتحال اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی خدمات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے مریضوں اور مقامی افراد سے بھی ملاقات کی اور انہیں درپیش مسائل معلوم کرتے ہوئے ان کے بروقت اور مؤثر حل کے لیے متعلقہ حکام کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نے طبی عملے پر زور دیا کہ وہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں پوری دیانتداری اور احساس ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں، مریضوں سے خوش اخلاقی سے پیش آئیں اور سرکاری اوقاتِ کار کے دوران عوام کو بلاتعطل معیاری طبی سہولیات فراہم کریں۔ انہوں نے واضح کیا کہ طبی مراکز میں ادویات کی دستیابی، عملے کی حاضری اور علاج معالجے کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ ڈاکٹر یاسر طاہر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں محکمہ صحت گوادر دور افتادہ علاقوں تک معیاری طبی سہولیات کی فراہمی، بنیادی مراکزِ صحت کی فعالیت میں بہتری اور عوام کو بروقت علاج کی سہولت فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔ ضلعی محکمہ صحت کی جانب سے جاری مانیٹرنگ اور مسلسل فیلڈ وزٹس کے باعث صحت مراکز کی کارکردگی میں بہتری آ رہی ہے، جبکہ عوام کو بہتر، بروقت اور معیاری طبی خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے نگرانی کا سلسلہ آئندہ بھی اسی جذبے کے ساتھ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 13

وں کو بے دخل کرنے کی کوششیں اور عدالتی فیصلوں کے باوجود تاجروں کو مسلسل ہراساں کرنا قابلِ مذمت ہے تاجر برادری کئی دہائیوں سے ان مارکیٹوں میں کاروبار کر رہی ہے، لہٰذا طاقت کے استعمال اور دباؤ کے بجائے مذاکرات کے ذریعے مسئلے کا مستقل اور منصفانہ حل نکالا جائے جائز مطالبات کے حل کے لیے 7 اور 8 اگست کو کوئٹہ بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال ہوگی، یہ بات انہوں بیان جاری کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ انجمن تاجران بلوچستان ہمیشہ مذاکرات، افہام و تفہیم اور آئین و قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے مسائل کے حل پر یقین رکھتی ہے، تاہم افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ کمشنر کوئٹہ ڈویژن کا تاجروں کے ساتھ رویہ غیر مناسب اور ظالمانہ ہے، جس سے تاجروں میں شدید بے چینی پائی جا رہی ہے۔ اگر کمشنر کا یہی رویہ برقرار رہا اور سنجیدہ مذاکرات کا آغاز نہ کیا گیا تو تاجر برادری احتجاج اور ہڑتال کی طرف جانے پر مجبور ہوگی، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال بھی تاجر برادری کے لیے انتہائی تشویشناک ہے۔ حکومت نے متعدد بار قومی شاہراہوں پر ٹرانسپورٹرز اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کی یقین دہانیاں کرائیں، لیکن بدقسمتی سے دہشت گردی کے واقعات میں کمی آنے کے بجائے اضافہ ہوا ہے۔ آج قومی شاہراہوں پر مسافر کوچز، مال بردار ٹرکوں، گیس بردار گاڑیوں اور عام شہریوں پر حملے کیے جا رہے ہیں، گاڑیوں کو نذرِ آتش کیا جا رہا ہے، بے گناہ افراد شہید ہو رہے ہیں اور کاروباری سرگرمیاں بری طرح متاثر ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انجمن تاجران بلوچستان پاک فوج، ایف سی، پولیس، لیویز اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی دہشت گردی کے خلاف دی گئی قربانیوں کو خراجِ تحسین پیش کرتی ہے، تاہم حکومت بلوچستان سے مطالبہ کرتی ہے کہ ان قربانیوں کو مؤثر اقدامات کے ذریعے امن کے قیام میں تبدیل کیا جائے تاکہ تاجروں، ٹرانسپورٹرز اور شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے حکومت بلوچستان، چیف سیکرٹری، کمشنر کوئٹہ ڈویژن، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ، میٹروپولیٹن کارپوریشن اور دیگر متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ تاجروں کے جائز مطالبات پر فوری مذاکرات کیے جائیں اور تمام عدالتی فیصلوں، قانونی دستاویزات اور حقائق کی روشنی میں مسئلے کا مستقل حل نکالا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اگر فوری مذاکرات نہ ہوئے، کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے اپنا رویہ تبدیل نہ کیا اور تاجروں کے آئینی و قانونی حقوق کو مسلسل نظرانداز کیا گیا تو انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ) 7 اور 8 اگست کو کوئٹہ بھر میں مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کرے گی۔ اس ہڑتال کو کامیاب بنانے کے لیے تمام مارکیٹ ایسوسی ایشنز، تاجر تنظیموں، ٹرانسپورٹرز، وکلاء، سیاسی و مذہبی جماعتوں اور سول سوسائٹی سے تعاون کی اپیل کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ انجمن تاجران بلوچستان تصادم پر نہیں بلکہ مذاکرات پر یقین رکھتی ہے اور چاہتی ہے کہ تمام مسائل افہام و تفہیم کے ذریعے حل ہوں، تاہم اگر تاجروں کے جائز حقوق پامال کیے گئے تو تاجر برادری اپنے آئینی اور قانونی حقوق کے تحفظ کے لیے ہر جمہوری اور قانونی راستہ اختیار کرے گی۔

بقیہ 14

ودی مواد سے تیار کی گئی دو گاڑیوں اور ان میں سوار دہشت گردوں کی مشکوک نقل و حرکت کو بروقت روکا گیا۔ سیکیورٹی فورسز کی جانب سے فوری، فیصلہ کن اور مؤثر کارروائی عمل میں لائی گئی، جس کے نتیجے میں دونوں گاڑیوں کو کامیابی سے تباہ کر دیا گیا اور ان میں سوار چاروں دہشت گرد ہلاک ہو گئے۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ علاقے میں کسی بھی دوسرے ممکنہ دہشت گرد کے خاتمے اور مکمل صفائی کے لیے سینیٹائزیشن آپریشن تاحال جاری ہے۔ ترجمان کے مطابق سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک سے غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشت گردی کی اس لعنت کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے پُرعزم ہیں اور انسدادِ دہشت گردی کی بھرپور مہم بلاتعطل جاری رکھی جائے گی

بقیہ 15

پارٹی کے مرکزی رہنما و ایم این اے نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ سورینج میں کوئلہ کان کا یہ المناک حادثہ انتہائی افسوسناک ہے۔ کان کن اپنے اہلِ خانہ کے لیے روزی کمانے کی خاطر انتہائی دشوار اور خطرناک حالات میں کام کرتے ہیں، ایسے حادثات پورے معاشرے کے لیے باعثِ رنج ہیں۔ نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے جاں بحق ہونے والے مزدوروں کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کی مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار خاندانوں کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ انہوں نے متعلقہ حکام پر زور دیا کہ حادثے کی شفاف تحقیقات کی جائیں اور مستقبل میں ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام کے لیے کوئلہ کانوں میں حفاظتی اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے۔

بقیہ 16

ہدایت پر ڈی ایس پی محمد داؤد خوسہ کی نگرانی میں ایس ایچ او سٹی ندیم احمد نے 15 انچارج کرم بیر کے ہمراہ جوئے کے اڈے پر چھاپہ مار کر چھ ملزمان کو گرفتار کر کے داؤ پر لگی ہوئی رقم برآمد کر لیا اور ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر دیا جبکہ دوسری کارروائی ایس ایچ او گنداخہ حاجی خان لاشاری نے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ خفیہ اطلاع ملنے پر کارروائی کرتے ہوئے اقدام قتل میں ملوث تین ملزمان کو گرفتار کر لیا ایس ایچ او سٹی ندیم احمد بہرانی نے کہا کہ جرائم اور قتل میں ملوث ملزمان کسی رعایت کے مستحق نہیں ہے ڈی آئی جی نصیرآباد اور ایس ایس پی ضلع اوستا محمد کی خصوصی ہدایت پر پولیس امن و امان کی صورت حال کو بہتر بنانے اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں کر رہی ہے امن و امان کی صورت حال کو ہر صورت میں بحال رکھا جائے گا۔

بقیہ 17

موسیٰ خیل کے سردار خیبر افغان، جعفرآباد کے صدر میر محمد کریم لہڑی، بارکھان کے صدر عزیز خان کھیتران، قلعہ سیف اللہ کے صدر حاجی عبدالمالک، پشین کے چیئرمین اللہ نور، نوشکی کے صدر میر منظور مینگل اور دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کو بلوچستان بھر میں فعال اور منظم بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے ضلعی صدور اور جنرل سیکرٹریز نے آل گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے صوبائی صدر میر عبدالسلام لانگو، چیئرمین ملک عبدالغفار مندوخیل، جنرل سیکرٹری ملک مجیب مہترزئی، وائس چیئرمین میر شکیل لہڑی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری صلاح الدین کبزئی اور دیگر صوبائی عہدیداروں کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے انہیں بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ ضلعی صدور اور جنرل سیکرٹریز نے کہا کہ سابق بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کی سابقہ کابینہ کی کارکردگی نہ ہونے کے برابر تھی انہوں نے اپنے قیام کے بعد ٹھیکیدار برادری کو درپیش مسائل کے حل کیلئے کوئی عملی اقدامات نہیں اٹھائے اور نہ ہی کوئی اجلاس منعقد کیا۔ انہوں نے کہا کہ آل بلوچستان کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے عہدیداروں نے صوبائی کابینہ کے اعلان کے فوری بعد ضلع بضلع کی سطح پر کابینہ کی تشکیل کو یقینی بنایا اور تمام ضلعی صدور اور جنرل سیکرٹریز کا مشترکہ اجلاس طلب کر کے انکے مسائل سنے جس پر ہم انکے شکر گزار ہیں اور انہیں تمام اضلاع کے ٹھیکیداروں کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کی کابینہ تقریب حلف برداری کیلئے جس بھی تاریخ کا اعلان کرے گی بلوچستان بھر سے ٹھیکیدار اس میں بھرپور شرکت کریں گے۔ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے صدر میر عبدالسلام لانگو، چیئرمین ملک عبدالغفار مندوخیل، جنرل سیکرٹری مجیب مہترزئی، صلاح الدین کبزئی اور دیگر نے ضلعی صدور اور جنرل سیکرٹریز کی جانب سے صوبائی کابینہ پر مکمل اعتماد کرنے پر انکا شکریہ ادا کیا اور انہیں یقین دلایا کہ ایسوسی ایشن ٹھیکیداروں کو درپیش مسائل حل کرنے کیلئے ہر ممکن جدوجہد کرے گی۔

بقیہ 18

حقوق نہ صرف تعین کیا ہے بلکہ ان کے جانی و مالی تحفظ کو بھی یقینی بنانے کا درس دیا ہے۔ خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قبائلی تنازعات نے اقوام کو امن و خوشحالی اور ترقی سے محروم کر رکھا ہے صلح اور امن انسانی معاشرے کی وہ بنیادی ضرورت ہیں جن کے بغیر کسی بھی قوم کی ترقی، خوشحالی اور بقا کا تصور ناممکن ہے۔ خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عفو و درگزر انسانیت کی زندگی کو پرامن اور پرسکون بناتی ہے رسول اللہ ﷺ کی مبارک زندگی میں عفو و درگزر، رحم و کرم، محبت و شفقت کی مثال دنیا کو پیش کیا فتح مکہ کے موقع پر رسول اللہ ﷺ نے ان تمام دشمنوں کو معاف فرمایا عفو و درگزر اللہ کی صفت ہے اور اس کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ معاف کرنا بلند ہمتی کا کام ہے۔ خطاب کرتے ہوئے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قیامت تک مرکز ہدایت ہیں۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی نورانی تعلیمات میں اقوام عالم کی کامیابیوں اور کامرانیوں کا راز مضمر ہے امن کا دین لا کر جو کہ جانوروں سے لیکر ساری دنیا کے لوگوں تک کیلئے حقوق نہ صرف تعین کرتا ہے بلکہ ان کے جانی و مالی تحفظ کو بھی یقینی بنانے کا درس دیتا ہے۔ خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسلام کے اصول ہی انسانیت کے فلاح و بقا اور حقوق کی تحفظ کی ضامن ہیں اسلام نے اُخوت اور محبت کو اللہ کی نعمت قرار دیا ہے اور اس محبت اور اتحاد پر اُن کی قوت اور طاقت کا مدار ہے۔ اس اُخوت کو قائم رکھنا ہر مسلمان کا فرض ہے اقوام کے مابین درپیش تنازعات کا خاتمہ علماء اور قبائلی مشران کردار ادا کرے۔

بقیہ 19

پانی کی قلت پیدا ہوگئی ہے جس سے روزمرہ زندگی بری طرح متاثر ہو کر رہ گئی ہے۔ محکمہ داخلہ کے مطابق جمعہ کے روز کرفیو کا آخری دن ہے، آج ہفتہ سے شہر میں معمولات زندگی بحال ہونے کا امکان ہے۔

بقیہ 20

زوم میں ڈی آئی جی نصیرآباد رینج کامران نواز پنجوتھا، ایس ایس پی نصیرآباد اسد ناصر، ایس ایس پی جعفرآباد محمد معروف عثمان، ایس پی ہائی وے خادم بخش کھوسہ، ڈی ایس پی سٹی محمد حسن سولنگی، ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر نثار احمد بلوچ سمیت پولیس کے سینئر افسران، جوانوں، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور عوام کی کثیر تعداد نے شرکت کی اس موقع پر پولیس کے چاق و چوبند دستے نے شہید کو سلامی پیش کی، جبکہ وطن کے اس بہادر سپوت کی عظیم قربانی کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ نماز جنازہ کے بعد شہید کے درجات کی بلندی، مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی خصوصی دعائیں کی گئیں۔ شہید کانسٹیبل محمد رفیق سیال کی فرض شناسی، جرات اور محکمہ پولیس کے لیے انجام دی گئی خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ شہداء کی قربانیاں ہمیشہ قوم کے لیے مشعل راہ رہیں گی اور ان کی لازوال خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

بقیہ 21

نے ضلعی صدر کو اکیڈمی کے مسائل اور ضروریات سے آگاہ کیا۔ بشیر احمد خان اچکزئی نے کہا کہ نوجوانوں کے لیے کھیلوں کی سہولیات کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے انشاء اللہ جلد اکیڈمی کے مسائل حل کر کے ضروری سامان فراہم کیا جائے گا تاکہ ہمارے کھلاڑی بہتر انداز میں اپنی صلاحیتوں کو نکھار سکیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ق) نوجوانوں کو کھیلوں کے مواقع کی فراہمی پر یقین رکھتی ہے بلوچستان کے کھلاڑیوں میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے اگر انہیں مناسب مواقع فراہم کیے جائیں تو صوبے کی کھلاڑی نہ صرف پاکستان بلکہ بیرون ملک بھی ملک اور صوبے کا نام روشن کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ق) کے پارٹی کے قائد چوہدری شجاعت حسین، چوہدری شافع حسین اور چوہدری سالک حسین صاحب کی کھیلوں کے فروغ میں خصوصی دلچسپی رکھتے ہیں۔

بقیہ 22

سے اغوا اور تاحال عدم بازیابی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے ان واقعات کو بدترین دہشت گردی، لاقانونیت اور صوبے میں امن و امان کی مسلسل بگڑتی ہوئی صورتحال کا واضح ثبوت قرار دیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ نہتے شہریوں کو اغوا کرنا، بے گناہ مزدوروں کو قتل کرنا اور شاہراہوں پر عام مسافروں کو نشانہ بنانا نہایت افسوسناک، غیر انسانی اور ناقابلِ برداشت اقدامات ہیں۔ ایسے واقعات نہ صرف صوبے کے امن، سماجی ہم آہنگی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے سنگین خطرہ ہیں بلکہ یہ ریاستی اداروں اور حکومت کی کارکردگی پر بھی بڑے سوالات کھڑے کرتے ہیں۔ پارٹی نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ حکومت اور متعلقہ اداروں کی بنیادی آئینی اور قانونی ذمہ داری ہے، تاہم افسوس کے ساتھ یہ ذمہ داری مؤثر انداز میں پوری ہوتی دکھائی نہیں دے رہی۔ پریس ریلیز میں کہا گیا کہ منگچر کے مقام پر سلمان خان نورزئی کو فائرنگ کر کے شہید کرنا ایک المناک سانحہ ہے، جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی مطالبہ کرتی ہے کہ اس واقعے میں ملوث تمام مسلح عناصر اور سلمان خان نورزئی کے قاتلوں کو فوری طور پر گرفتار کر کے قانون کے مطابق سخت سزا دی جائے۔ اسی طرح کوئٹہ کراچی شاہراہ سے اغوا کیے گئے چار افراد کو فوری اور بحفاظت بازیاب کرایا جائے اور تربت میں سات مزدوروں کے قتل میں ملوث عناصر، ان کے سہولت کاروں اور سرپرستوں کو بھی بلاامتیاز گرفتار کر کے انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔ پارٹی نے کہا کہ کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ مسلسل بدامنی، دہشت گردی، اغوا، ڈکیتی، راہزنی اور فائرنگ کے واقعات کی وجہ سے عوام کے لیے غیر محفوظ بن چکی ہے۔ مسافر، ٹرانسپورٹرز، مزدور، تاجر اور عام شہری شدید خوف و ہراس کا شکار ہیں، جبکہ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جرائم پیشہ اور مسلح عناصر کو کھلی چھوٹ حاصل ہے۔ یہ صورتحال صوبائی حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی پر ایک سنگین سوالیہ نشان ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ صوبے میں امن و امان کی مخدوش صورتحال روز بروز سنگین ہوتی جا رہی ہے۔ اگر بروقت، سنجیدہ اور مؤثر اقدامات نہ کیے گئے تو عوام کا ریاستی اداروں پر اعتماد مزید مجروح ہوگا۔ پارٹی نے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ کراچی شاہراہ سمیت صوبے کی تمام اہم شاہراہوں پر مؤثر اور مستقل سیکیورٹی انتظامات کو یقینی بنایا جائے، دہشت گردوں، مسلح جتھوں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے اور عوام کو جان و مال کے تحفظ کے ساتھ پرامن سفری ماحول فراہم کیا جائے۔ پریس ریلیز میں مزید کہا گیا کہ صوبے کے عوام گزشتہ کئی برسوں سے بدامنی، دہشت گردی اور لاقانونیت کے باعث شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ امن و امان کی بحالی، شہریوں کے تحفظ اور قانون کی بالادستی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر عملی اقدامات کرے تاکہ عوام میں پائے جانے والے خوف اور بے یقینی کا خاتمہ ہو سکے۔ دریں اثناء شہید سلمان خان نورزئی کی نماز جنازہ اور تدفین میں پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے سنگلی علاقائی سیکرٹری حاجی عبداللہ جان اچکزئی سمیت پارٹی کے دیگر رہنماں اور کارکنوں نے شرکت کی۔ پارٹی رہنماں نے مرحوم کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے شہید کے درجات کی بلندی، مغفرت اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ 23

لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ پوری قوم ان کی عظیم قربانیوں کو ہمیشہ عزت و احترام سے یاد رکھے گی اور ان کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتی رہے گی میر سرفراز بگٹی نے شہداء کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان اس دکھ کی گھڑی میں غمزدہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے حملے میں زخمی ہونے والے اہلکاروں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے نیک خواہشات اور دعا کا اظہار بھی کیا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز، ایف سی، پولیس اور قانون نافذ کرنے والے تمام اداروں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ ریاست دشمن عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں پوری قوت، عزم اور قانون کے مطابق جاری رہیں گی۔ بلوچستان کے امن، ترقی اور استحکام کو سبوتاژ کرنے کی ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا اور دہشت گردوں کو اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کے لواحقین کو صبر جمیل دے، زخمی اہلکاروں کو جلد صحت کاملہ عطا فرمائے اور پاکستان کو دہشت گردی کی لعنت سے ہمیشہ محفوظ رکھے۔

بقیہ 24

سلسلے میں الیکشن کمیشن آف پاکستان کو ہدایت جاری کی گئی ہیں کہ الیکشن قوانین اور رولز کے مطابق چار پولنگ اسٹیشنز پر دوبارہ صاف و شفاف الیکشن کروائے جائیں

بقیہ 25

پامال ہوتا چلا آیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ملک کی آمرانہ قوتیں مسلسل ملک کی سیاست، معیشت اور ملک کے قوموں کی معاشرتی سماجی صورتحال اور روایات و اقدار کو پامال کرتے ہوئے صوبائی خود مختاری اور قومی وحدت قائم کرنے کی انسانی، اسلامی روایات پاؤں تلے روندتے چلے آئے ہیں جس کے نتیجے میں ملک کی تعلیمی ریشو کا گراف پسماندہ سے پسماندہ ترین ملکوں سے نیچے چلا گیا ہے۔ صحت کی سہولیات نہ ہونے کے برابر ہے، بیروزگاری اور مہنگائی اپنے عروج پر ہیں اور پنجاب کو چھوڑ کر تمام ملک اور خصوصاً بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں بدامنی، دہشتگردی کی جاری لہر جس نے ہر فرد خاندان اور تمام معاشرے کو سخت ترین اذیت میں مبتلا کر رکھا ہے اور حکومت ان کے کنٹرول میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے اور دونوں صوبوں کے عوام مسلط پرائیویٹ ڈیتھ اسکواڈز، چوروں، ڈاکوؤں کے رحم و کرم پر ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ ملک کی اس بحرانی صورتحال پر پارٹی کے محبوب چیئرمین ملی مشر محمود خان اچکزئی نے تمام سیاسی پارٹیوں، فوج، عدلیہ، میڈیا، وکلاء اور دیگر تنظیموں پر کانفرنس بلانے کا بار بار کہا تھا جس میں ملک کو درپیش آئینی، سیاسی، جمہوری، پارلیمانی، معاشی اور معاشرتی بحرانوں کے خاتمے کیلئے لائحہ عمل طے کیا جا سکے۔ بیان میں کہا گیا کہ ملک میں آئین کی بحالی، پارلیمنٹ کی خودمختاری، جمہوری حکمرانی اور ملک کو قوموں کی برابری کا حقیقی فیڈریشن اور ملک کے تمام اداروں کو آئینی فریم ورک کے اندر کام کرنے کا پابند بنانے سے ملک میں سیاسی استحکام ممکن ہے اور عدم سیاسی استحکام سے ملک کے مسائل کا حل ممکن نہیں۔ اگر ملک کے حکمرانوں نے عقل کے ناخن نہ لیئے تو ملکی صورتحال میں سخت ابتری آئے گی جس کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر عائد ہوگی۔

بقیہ 26

واٹر ریسورسز پروگرام پر عملدرآمد کے لیے ایک اہم مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کیے گئے ہیں۔ اس معاہدے کے تحت دونوں جامعات اقوام متحدہ کا ادارہ برائے خوراک و زراعت کے تعاون سے بلوچستان میں آبی وسائل کی بحالی اور چراگاہوں کی ترقی کے لیے مشترکہ کوششیں کریں گے۔ اقوام متحدہ کا ادارہ برائے خوراک و زراعت کے مالی تعاون سے جاری اس پروگرام کا بنیادی مقصد بلوچستان میں پانی کے بحران پر قابو پانا، زراعت، لائیوسٹاک اور چراگاہوں کی صورتحال کو بہتر بنانا ہے۔ جامعہ تربت میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران تربت یونیورسٹی کے اسسٹنٹ رجسٹرار غوث بخش بلوچ اور انجینئرنگ یونیورسٹی خضدار کی جانب سے پروجیکٹ مینیجر انجینئر تشکیل احمد نے معاہدے پر دستخط کیے۔ اس اسٹریٹجک شراکت داری کے تحت دونوں جامعات موسمیاتی تبدیلیوں کے منفی اثرات سے نمٹنے، پانی کے ضیاع کو روکنے اور زمین کے بہتر استعمال کے حوالے سے مشترکہ طور پر سیمینارز اور ورکشاپس کا انعقاد کریں گے۔ اس کے علاوہ مقامی کمیونٹیز کے لیے خصوصی تعلیمی آگاہی مہم بھی چلائی جائے گی اور مختلف سرگرمیوں میں طلبہ کی فعال شرکت کو یقینی بنایا جائے گا۔ معاہدے کے تحت متعلقہ جامعات میں نالج کارنرز بھی قائم کیے جائیں گے تاکہ تحقیق و معلومات تک رسائی کو آسان بنایا جا سکے۔ یونیورسٹی ترجمان کے مطابق تربت یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن نے اپنے خصوصی پیغام میں اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ یہ معاہدہ اقوام متحدہ کے پائیدار ترقیاتی اہداف (ایس ڈی جیز) کے حصول میں اپنا حصہ ڈالنے کے لئے جامعہ تربت کی سنجیدہ کوششوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ وائس چانسلر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ تربت یونیورسٹی، انجینئرنگ یونیورسٹی خضدار، فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن اور دیگر شریک اداروں کے ساتھ مل کر جنوبی بلوچستان میں مقامی آبادی کے ذرائع معاش میں بہتری، غذائی تحفظ اور ماحولیاتی پائیداری کو یقینی بنانے کے لیے اپنا کلیدی کردار ادا کرتی رہے گی

بقیہ 27

تب فکر سے تعلق رکھنے والوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے مطالبے میں لیویز کی بحالی سمیت دیگر مطالبات پر عملدرآمد نہ کیا گیا تو ہم دوبارہ احتجاج شروع کریں گے جس سے حالات کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر عائد ہوگی۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ اس موقع پر ڈاکٹر عبدالصمد خان پانیزئی، محمد قسیم خان، شیر محمد و دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ 6 جولائی 2026ء کو ضلع زیارت کی پولیس فورس کے 42 اہلکاروں کو ایک منظم منصوبہ بندی کے تحت کچھ اور سران کے درمیان واقع سنسان اور غیر آباد علاقے میں موجود ایک خشک اور غیر استعمال شدہ مانگی ڈیم گریٹر واٹر سپلائی سکیم فیز III کے پمپنگ سٹیشن نیکی کی حفاظت پر تعینات تھے جنہیں دہشت گردوں نے ان پر چاروں اطراف سے حملہ کیا پولیس اہلکاروں نے محدود وسائل اور دستیاب اسلحہ ایمونیشن کے ساتھ بہادری سے ان کا مقابلہ کیا۔ ایمونیشن ختم ہونے پر انہوں نے متعدد بار ضلعی انتظامیہ، پولیس حکام، انسداد دہشت گردی فورس اور ایف سی جو محض چند کلو میٹر کے فاصلے پر بازار میں موجود تھی بلانے پر ان کی مدد نہ پہنچی اور وہ اپنی زندگیوں سے ہاتھ دھو بیٹھے مگر ان کے سربراہان نے غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کرنے والوں کے خلاف کوئی ایکشن نہیں لیا۔ انہوں نے کہا کہ سانحہ کے لواحقین نے انصاف کی فراہمی کیلئے 10 روز تک کوئلہ پھاٹک پر دھرنا دیا جس کو آج شہداء زیارت چوک کے نام سے منسوب کیا گیا ہے۔ صوبے کے طول و ارض سے عوام نے ہمارا ساتھ دیا اور ہمارے مطالبات میں پیش رفت کرانے میں اپنا کردار ادا کیا ہم دھرنے میں آ کر ہماری دلجوئی اور مطالبات کے حق میں ہمارا ساتھ دینے پر سیاسی، مذہبی جماعتوں کے سربراہان، اراکین قومی، صوبائی اسمبلی، سینیٹرز قبائلی عمائدین اور دیگر تنظیموں کے عہدیداروں اور حکام کے مشکور ہیں کہ انہوں نے ہمارا ساتھ دیا۔ انہوں نے کہا کہ اس ظلم کے خلاف بلوچستان کے تمام طبقات نے ہمارے احتجاج میں ہمارا ساتھ دے کر ثابت کیا اور مطالبات تسلیم کئے گئے جن میں تحریری طور پر لیویز کی بحالی کا مطالبہ شامل تھا جس پر عملدرآمد ہونا باقی ہے اگر تمام مطالبات پر عمل نہ کیا گیا تو ہم دوبارہ احتجاج کریں گے جس سے حالات کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر عائد ہوگی۔ ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ کی گئی الاٹمنٹ کو کینسل کرنے کا حکومت نے وعدہ کیا ہے۔

میں شامل ہے اور ضلع جعفرآباد کے ہر بچے کو اس موذی مرض سے محفوظ بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ مہم کے دوران تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں اور پولیو ٹیمیں انتہائی ذمہ داری، دیانتداری اور پیشہ ورانہ انداز میں اپنے فرائض سرانجام دیں تاکہ پانچ سال سے کم عمر کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے انہوں نے کہا کہ مائیکرو پلان پر خصوصی توجہ دی جائے، دوردراز اور دشوار گزار علاقوں تک بھی ٹیموں کی رسائی یقینی بنائی جائے اور خانہ بدوش آبادیوں سمیت ہر گھر تک پہنچ کر بچوں کو حفاظتی قطرے پلائے جائیں۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ مہم کی روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ کی جائے، ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے اور کسی بھی شکایت یا کوتاہی کی صورت میں فوری کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے والدین، علمائے کرام، اساتذہ، قبائلی عمائدین اور سول سوسائٹی سے بھی اپیل کی کہ وہ پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لیے محکمہ صحت سے بھرپور تعاون کریں تاکہ ضلع جعفرآباد کو پولیو سے پاک بنا کر بچوں کے محفوظ اور صحت مند مستقبل کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 28

لہٰذا ضلعی انتظامیہ اس معاملے کو فوری طور پر سنجیدگی سے لے اور عوام کے لیے راستہ کھلا رکھنے کو یقینی بنائے۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی اس مسئلے کے حل کے لیے دیگر سیاسی جماعتوں اور قبائلی عمائدین سے مسلسل رابطے میں ہے اور جلد ہی اس سلسلے میں آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کرے گی۔ بیان میں واضح کیا گیا ہے کہ اگر اس اہم شاہراہ کو فوری طور پر نہ کھولا گیا تو آل پارٹیز کے ساتھ مل کر بھرپور اور سخت احتجاجی تحریک شروع کی جائے گی، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ انتظامیہ پر عائد ہوگی۔

بقیہ 29

لہٰذا ضلعی انتظامیہ اس معاملے کو فوری طور پر سنجیدگی سے لے اور عوام کے لیے راستہ کھلا رکھنے کو یقینی بنائے۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی اس مسئلے کے حل کے لیے دیگر سیاسی جماعتوں اور قبائلی عمائدین سے مسلسل رابطے میں ہے اور جلد ہی اس سلسلے میں آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کرے گی۔ بیان میں واضح کیا گیا ہے کہ اگر اس اہم شاہراہ کو فوری طور پر نہ کھولا گیا تو آل پارٹیز کے ساتھ مل کر بھرپور اور سخت احتجاجی تحریک شروع کی جائے گی، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ انتظامیہ پر عائد ہوگی۔

بقیہ 30

اور 40 افراد کی شہادتوں پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان لہولہان ہے 24 گھنٹوں میں چمن کاریز سورینج میں 40 اور کچھ میں چھ مزدور کے واقعات نے بلوچستان بلکہ ملک کو سوگوار کر دیا ہے مائنز واقعات نے بلوچستان کے ہزاروں افراد ان مائنز واقعات میں شہید ہو چکے ہیں چند ہزار روپیہ کی خاطر اپنے گھروں بال بچوں کی کفالت کے کوئلہ کے کانچی کے خطرناک کنوں غاروں میں صبح سے شام تک زندگی داؤں پر لگا کر گزارتے ہیں اور کان مالکان اور حکومت کی یہ ذمہ داری بنتی ہے کہ ان مزدوروں کے خطرے کی حالات میں تحفظ کے اقدامات بھی کریں اور ہر واقعہ کے بعد حکومت تحقیقات ذمہ داروں کو کیفر دار تک پہنچانے کے اعلانات ہوتے ہیں ا ہیں لیکن بعد میں نہ تحقیقات نہ واقعات کی ذمہ داروں کا تعین کیا جاتا ہے اور نہ ہی سزا دی جاتی ہے۔ جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان غمزدہ خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور حکومت سے واقعہ کیخلاف تحقیقات ذمہ دار عناصر کو گرفتار سخت سزائیں دینے اور مائنز ڈیوں میں مزدوروں کی تحفظ کے لئے فوری اقدامات کا مطالبہ کرتی ہے۔

بقیہ 31

لیٰ ضبط شدہ سامان والبدین کسٹمز گودام میں محفوظ رکھا گیا تھا، جس میں سگریٹ، ادویات، چھالیہ، گٹکا، پان، کیمیکلز، منشیات، کاسمیٹکس اور دیگر ممنوعہ و غیر قانونی اشیاء شامل تھیں۔ ضبط شدہ سامان کو ڈپٹی کمشنر چاغی جہانزیب نور شاہوانی، ایس پی چاغی شیر علی ہزارہ، کسٹم انسپکٹر سعود فیصل، کسٹم انسپکٹر غلام حسین کھوسہ، کسٹم انسپکٹر لونگ کنڈی اصغر کاکڑ، ایکسائز انسپکٹر فیروز شاہ نوتیزئی سمیت دیگر سیکیورٹی اور عسکری حکام کی موجودگی میں تلف کیا گیا۔ کسٹمز حکام کا کہنا ہے کہ مذکورہ سامان مختلف کارروائیوں کے دوران ضبط کیا گیا تھا، اور تمام قانونی تقاضے مکمل ہونے کے بعد اسے ضابطہ کار کے مطابق تلف کر دیا گیا۔

بقیہ 32

مطابق خلاف ورزی کرنے والوں پر بھاری جرمانے لگائے جاتے ہیں ڈائریکٹر جنرل ظہور احمد بلوچ نے کہا بلوچستان میں محکمہ ماحولیات جدید دور میں اپنی اہمیت کا حامل ہے آنے والے وقت میں اس محکمے پر ہمیں مزید محنت سے کام کرنے کی ضرورت ہے ہم تمام وسائل بروکار لاتے ہوئے اپنے شعبے کے ذمہ دار افسران اور دیگر ملازمین کے ہمراہ روزانہ شہر کا دورہ کر کے رپورٹ دیتے ہیں عام شہری کی شکایت موصول ہونے پر کارروائی کی جاتی ہے اس موقع پر صوبائی سیکرٹری ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نور احمد پرکانی نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی دنیا بھر میں مسئلہ بن چکا ہے۔ ہمارا ملک بھی اس کی زد میں ہے انسانی زندگی بھی اس وجہ سے متاثر ہے بڑھتی ہوئی آبادی موسمیاتی تبدیلیوں سے ہمارے رہن سہن اور ماحولیات کو نقصان پہنچ رہا ہے بے وقت کی بارشیں، برفباری، ژالہ باری سے زراعت بھی کو خطرہ لاحق ہو رہا ہے آج کل ملک بھر کے علاوہ بلوچستان بھی موسمیاتی تبدیلی حکومت کے چیلنج بن چکا ہے اس وقت گرم علاقوں کے علاوہ سرد علاقے بھی گرمی کی لپیٹ میں ہے اس پر باقاعدہ طور پر موسمیاتی تبدیلیوں کا سامنا کرتے کے لئے حکومت کوشش کر رہی ہے کہ ہر شہری تک آگاہی پہنچ سکے۔

بقیہ 33

ظفر افغان نے سرانجام دی۔ اجلاس میں پارٹی کی سیاسی تنظیمی فعالیت، علاقائی یونٹ کانفرنس ممبرشپ، عوامی رابطہ مہم سمیت عوامی مسائل کو زیر غور لایا گیا۔ اجلاس میں پارٹی رہنماؤں نے تحصیل ایگزیکٹو اور کمیٹی پر زور دیا کہ وہ پانچ اگست کے احتجاجی مظاہرے کی بھرپور تیاری کرے اور اپنی تنظیمی فعالیت کو دوبالا کرتے ہوئے جاری قومی سیاسی جمہوری جدوجہد میں کسی بھی قسم کی سستی و کاہلی ناقابل برداشت ہے اجلاس میں کہا گیا کہ سٹی تحصیل سے مربوط علاقوں میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، پانی کی سخت قلت، گیس کی بندش و لوڈشیڈنگ، اسٹریٹ کرائمز، چوری ڈکیتی کی وارداتوں نے شہریوں کو سخت اذیت سے دوچار کر رکھا ہے۔ کیسکو حکام کے ذیلی دفاتر میں سائلین کی شکایات کو حل کرنے کے بجائے طفل تسلیاں دی جاتی ہے، ہر علاقے میں گھنٹوں گھنٹوں کی لوڈشیڈنگ جاری ہے متعلقہ حکام بجلی کی خرابی / فالٹ یا مرمتی کام جاری ہے کی بنیاد پر چھ سے آٹھ گھنٹے بجلی بند کر دیتے ہیں حالانکہ کام کہیں بھی جاری نہیں ہوتا اسی طرح بجلی کی فراہمی کے دوران انتہائی کم وولٹیج میں شہریوں کے گھریلو سامان جل کر ناکارہ ہو جاتے ہیں جبکہ بجلی کی بندش کا بہانہ کر کے محکمہ واسا ٹیوب ویلوں کو چلانے سے قاصر ہیں اور اس صورتحال میں لاکھوں شہریوں کو پینے کے پانی کیلئے ٹینکرز مافیا کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا ہے گزشتہ دنوں واٹر ٹینکرز کے احتجاج کے باعث شہری پانی کے بوند بوند کیلئے دربدر کی ٹھوکر کھاتے رہے۔ محکمہ واسا پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے بوسیدہ پائپ لائنوں کو تبدیل کرنے، واسا کے ٹیوب ویلز کو فعال کرنے، بجلی سے شمسی نظام پر تبدیل کرنے اور روزانہ کی بنیاد پر نلکوں میں پانی کی فراہمی کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائیں۔ بیان میں کہا گیا کہ شہر میں پولیس کی اپنی ذمہ داریوں میں غفلت اور گشت و اینگل اسکوارڈ کے اہلکاروں کے جانب سے شہریوں، طلباء کو گاڑیوں، موٹرسائیکلوں پر تنگ کرنے، غیر ضروری طور پر کاغذات چیک کرنے، شہریوں کو تضحیک کرنے کا عمل قابل افسوس اور قابل مذمت ہے جبکہ چوری و ڈکیتی اور اسٹریٹ کرائمز میں ملوث جرائم پیشہ عناصر ہر واقعہ کے بعد بڑی دلیری کیساتھ فرار ہو جاتے ہیں پولیس کی جانب سے ایف آئی آر کرنے کے شکایات اور متاثرین کے لوٹے گئے نقدی و دیگر قیمتی سامان، موٹرسائیکل، موبائل اب تک کسی بھی متاثر کو فراہم نہیں کی گئی جو کہ پولیس کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ بیان میں آئی جی پولیس سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ کوئٹہ شہر کو جرائم سے پاک بنایا جائے اور جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی کر کے شہریوں کی جان و مال کی تحفظ کیلئے اقدامات کئے جائیں۔

بقیہ 34

کی صورتحال اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی خدمات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے مریضوں اور مقامی افراد سے بھی ملاقات کی اور انہیں درپیش مسائل معلوم کرتے ہوئے ان کے بروقت اور مؤثر حل کے لیے متعلقہ حکام کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نے طبی عملے پر زور دیا کہ وہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں پوری دیانتداری اور احساس ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں، مریضوں سے خوش اخلاقی سے پیش آئیں اور سرکاری اوقات کار کے دوران عوام کو بلاتعطل معیاری طبی سہولیات فراہم کریں۔

بقیہ 01

موقع پر 3 خواتین اہلکاروں سمیت 284 اہلکاروں کی تربیت مکمل ہونے کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر، کمانڈنٹ اے ٹی ایف ٹریننگ سکول کرنل (ر) اسد فاروق، ایڈیشنل آئی جی جاوید علی مہر، ڈی آئی جی سی ٹی ڈی اعتزاز احمد گورایہ، کمانڈنٹ پی ایس ڈاکٹر فرحان زاہد، اے آئی جی لیگل شاذین شیخ، اے آئی جی برکت علی کھوسہ، اے آئی جی اسرار عمرانی، ایس ایس پی ٹریفک پولیس کوئٹہ محمد بلوچ، ایس پی علی نواز گلکی، ایس پی زبیر احمد درانی سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ آج کی اے ٹی ایف کے اہلکاروں کی پاسنگ آؤٹ پریڈ میں 284 جوانوں میں بلوچستان دھرتی کی 3 بہادر بیٹیاں بھی شامل ہیں، جنہیں دیکھ کر میرا سر فخر سے بلند ہو گیا ہے کہ انہوں نے اپنے بھائیوں کے شانہ بشانہ تربیت مکمل کی ہے اور اس پاک دھرتی کی امن کے لئے اپنے خون کا نذرانہ دینے کو تیار ہے یہ بات بلوچستان کے لوگوں اور بچوں سمیت بچیوں کو معلوم ہو چکی ہے کہ بلوچستان کی بچیوں میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں انہوں نے اپنی صلاحیتوں سے ہر میدان میں اپنی قابلیت لوہا منوایا ہے صوبے میں امن وامان مخدوش صورتحال میں اے ٹی ایف نے ہمیشہ ہراول دستے کا کردار ادا کرتے ہوئے امن کی بحالی کو یقینی بناتے ہوئے دشمنوں کے دانت کھٹے کیے ہیں اس لیے ہم نے اپنی فورس کی استعداد کار اور پیشہ ورانہ مہارت کو مزید بہتر بنانے اور بڑھانے کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہے ہیں اور اپنے شہداء کے مقدس خون کی قسم کھا کر عہد کرتے ہیں کہ لا حاصل جنگ سے معصوم لوگوں کو کچھ حاصل نہیں ہوگا اور ہمارے جوان اس جنگ میں قتل و غارت گری اور قربانی کیلئے تیار ہے انہوں نے کہا کہ امن کا سورج طلوع ہونے والا ہے حکومت سی ٹی ڈی، ایس او ڈبلیو اور اے ٹی ایف کے استعداد کار کو بڑھانے جدید سازو سامان سے لیس کرنے کے علاوہ انہیں بہتر سہولیات کے ساتھ ساتھ ان کی تنخواہوں اور مراعات کو بڑھاتے ہوئے شہداء پیکج سمیت پولیس کو دیگر سہولیات دے رہے ہیں انہوں نے کہا کہ ملک کو ہمیشہ قربانی دینے والوں نے مستحکم بنایا ہے اور ہمارے بہادر شیروں کی موجودگی میں اس کو کوئی بھی غیر مستحکم نہیں کر سکتا اے ٹی ایف سکول 2013 سے پولیس کے جوانوں کو تربیت دے رہا ہے انہوں نے کہا کہ حکومت کی بیڈ گورننس ہو سکتی ہے لیکن ہم نے اس ریاست، ملک اور قوم کے خلاف ہونے والے منفی پروپیگنڈے اور دہشت گردی کا راستہ روکنا ہے ریاست کو ریاست کے طور پر ہمیں سمجھنا ہوگا کہ ریاست کو سیاست پر ترجیح دیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے لوگوں کو ریاست سے جڑے رہنے کی وجہ سے ایک لا حاصل جنگ میں دھکیل کر قتل و غارت گری اور بدامنی پیدا کر کے ان سے تعلیم، صحت، روزگار کی فراہمی سمیت زندگی کی بنیادی سہولیات کے حوالے سے قدغنیں لگائی جا رہی ہے جس طرح معصوم لوگوں کو قتل کیا جا رہا ہے اس کی کسی قسم کی مہذب معاشرے میں کوئی اچھی نظر سے نہیں دیکھتا اور بھٹکے ہوئے لوگ راہ حق پر آتے ہیں جن کے ہاتھ ہمارے لوگوں کے خون سے رنگے ہیں انہیں سرنڈر کرنے کی دعوت اور موقع دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج تربیت حاصل کرنے والے جوان بلا خوف و خطر اپنے لوگوں اور صوبے کے تحفظ کو یقینی بناتے ہوئے سبز ہلالی پرچم کی حفاظت یقینی بنائیں گے اور کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے انہوں نے کہا کہ اے ٹی ایف سکول کے حوالے سے جو بھی مطالبات کئے گئے ہیں انہیں پورا کیا جائے گا اور میں اے ٹی ایف سکول کے استعداد کار کو بڑھانے کے لئے 15 کروڑ روپے دینے کا اعلان کرتا ہوں اور میں آپ کے ساتھ ہر لڑائی اور محاذ میں شانہ بشانہ کھڑا رہوں گا اور بہت جلد امن کا سورج طلوع ہوگا آپ نے اللہ کی رحمت، نصرت اور اپنی صلاحیتوں کے ذریعے جوانمردی سے ملک اور قوم کی حفاظت کو یقینی بنانا ہیں۔

بقیہ 02

کروں گا، پاکستان کی سکیورٹی اور خوشحالی کے لئے گڈ گورننس ناگزیر ہے۔ پریس بریفنگ کے دوران ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا وزیر داخلہ محسن نقوی کے بیان پر کوئی تبصرہ نہیں کروں گا وہ ان کا ذاتی بیان ہے، تاہم نئے صوبے بننے چاہئیں اس پر عوام کی رائے ضروری لی جائے۔ پاکستان کی سلامتی اور خوشحالی کے لئے گڈ گورننس ناگزیر ہے۔ ہمیں گورننس کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ دہشتگردی کے خلاف کیے جانے والے آپریشنز کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا پانچ سال کے لے دوران دہشتگردی کے خاتمے کے لئے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے گئے۔ انہوں نے کہا مجموعی طور پر چالیس ہزار تین سو اڑتالیس انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے گئے۔ دو ہزار چوراسی دہشتگردوں کو جہنم واصل کیا گیا۔ بلوچستان میں اکتیس ہزار اسی اور کے پی کے میں سات ہزار ایک سو77 جبکہ دیگر علاقوں میں دو ہزار اکانوے آپریشنز کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ رواں سال اب تک دہشتگردی کے باعث مجموعی طور پر 819 پاکستانی شہید ہوئے، جن میں پاک فوج کے 303 جوان، پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے 194 اہلکار جبکہ 322 عام شہری شامل ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کے مطابق اس عرصے کے دوران ملک بھر میں دہشتگردی کے 3 ہزار 145 واقعات رپورٹ ہوئے، جن میں ایک ہزار 971 خیبر پختونخوا، ایک ہزار 148 بلوچستان جبکہ 26 واقعات ملک کے دیگر حصوں میں پیش آئے۔ انہوں نے دہشتگردی کے اعداد و شمار کا گزشتہ سال سے تقابلی جائزہ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ 2025 میں مجموعی طور پر 2 ہزار 597 دہشتگرد مارے گئے تھے، جبکہ رواں سال ابھی تقریباً نصف عرصہ گزرنے کے باوجود اب تک 2 ہزار 84 دہشتگرد ہلاک کیے جا چکے ہیں، جو دہشتگردوں کے خلاف کارروائیوں کی شدت کو ظاہر کرتا ہے۔ انہوں نے کہا دو ہزار چھبیس میں بن دھماکوں کے اٹھائیس واقعات ہوئے، جن میں بیشتر حملہ آور افغانی تھے۔ ہر روز دس دہشتگرد مارے گئے۔ شہداء کی نسبت مارے گئے دہشتگردوں کا تناسب دو اعشاریہ پانچ فیصد ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ سوال بجا ہے کہ دہشتگردی کے واقعات میں اضافہ کیوں دیکھنے میں آ رہا ہے۔ اس کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ سکیورٹی فورسز نے دہشتگردوں کے خلاف دباؤ اور آپریشنز میں شدت پیدا کی ہے۔ ہوئے۔ انہوں نے کہا جب دہشتگردوں کی براہ راست حکمت عملی ناکام ہوئی تو انہوں نے افغانستان میں طالبان کے زیر انتظام علاقوں سے اپنی سرگرمیوں اور معاونت کا دائرہ بڑھا لیا۔ انہوں نے کہا ریاست پاکستان کا موقف بالکل واضح ہے کہ دہشتگردوں سے اب کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ ان کے ساتھ بات چیت کی کوئی گنجائش نہیں دہشتگرد ہتھیار ڈالیں یا ہم ان مار ڈالیں گے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ بلوچستان کی سکیورٹی صورتحال پر تفصیلی بریفنگ کے دوران دہشتگردی کے واقعات میں اضافے کی وجوہات اور ریاستی حکمت عملی سے بھی آگاہ کیا جائے گا

بقیہ 03

ئے پاکستان اور بیلاروس کے درمیان دفاعی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔ ملاقات میں دوطرفہ دفاعی تعاون، عسکری روابط، دفاعی صنعت، مشترکہ تربیت، تکنیکی اشتراک اور جدید فضائی و خلائی ٹیکنالوجیز کے شعبوں میں تعاون پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایئر چیف نے پاک فضائیہ کی جدید حکمتِ عملی، خود انحصاری پر مبنی اقدامات اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان مشترکہ مشقوں، باہمی تربیت، تکنیکی تعاون اور دفاعی صنعتی اشتراک کو مزید فروغ دیا جائے گا۔ بیلاروسی وفد کے سربراہ میجر جنرل مرادوف پاویل نکولایوچ نے ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی قیادت میں پاک فضائیہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، آپریشنل تیاری، جدید ٹیکنالوجی و خود انحصاری کے اقدامات کو سراہا اور اسے جدید فضائی افواج کے لیے ایک قابلِ تقلید ماڈل قرار دیا۔ وفد نے دفاع، فضائی و خلائی شعبوں، تربیتی پروگراموں اور تکنیکی تعاون کو مزید وسعت دینے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر نیشنل ایرو اسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک (NASTP) کے ساتھ مشترکہ منصوبوں کے امکانات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا، جسے جدید تحقیق، اختراع اور فضائی و خلائی صنعت کے فروغ کے لیے اہم مرکز قرار دیا گیا۔ دونوں فریقوں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ پاکستان اور بیلاروس کے درمیان دفاعی اور ہوابازی کے شعبوں میں بڑھتا ہوا تعاون دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔

بقیہ 04

استحصال، ذخیرہ اندوزی یا نظام میں مداخلت کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ وزیراعظم کی زیرصدارت اوگرا کی اصلاحات اور ادارہ جاتی استعداد میں بہتری کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا، جس میں تیل کی سپلائی چین، ریگولیٹری نظام کی بہتری اور ادارے کی تنظیم نو سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے ہدایت کی کہ ایف بی آر کے جدید ٹریکنگ نظام کو ماڈل بناتے ہوئے ملک میں ایندھن کی آمدورفت کی مؤثر نگرانی کا نظام وضع کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بندرگاہوں اور ریفائنریوں سے پٹرول پمپس تک پٹرولیم مصنوعات کی سپلائی چین کی ڈیجیٹل نگرانی کے لیے جدید ٹیکنالوجی اور سافٹ ویئر کا استعمال یقینی بنایا جائے۔ وزیراعظم نے اوگرا کی تنظیم نو کرتے ہوئے ہر شعبے اور منصب پر میرٹ اور شفاف طریقہ کار کے ذریعے ماہرین کی تعیناتی کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ اوگرا کی استعداد میں اضافے کے لیے نجی شعبے سے اچھی شہرت کے حامل ماہرین کی خدمات حاصل کی جائیں گی، جبکہ حکومت اس مقصد کے لیے ہر قسم کی پیشہ ورانہ معاونت فراہم کرے گی۔ اجلاس میں وزیراعظم کو اوگرا کی موجودہ کارکردگی، درپیش چیلنجز اور جامع اصلاحاتی پروگرام پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بتایا گیا کہ اوگرا نے تیل کی سپلائی چین کو بندرگاہ سے پٹرول پمپ تک ڈیجیٹل نظام کے ذریعے مانیٹر کرنے کے لیے اہم اقدامات کیے ہیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ قومی مانیٹرنگ ڈیش بورڈ، ٹینکر ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم، ڈپو ٹینک ٹیلی میٹری، راہگزر موبائل ایپ، پٹرول پمپس پر ڈیجیٹل سیلز انٹری سسٹم اور مرکزی مانیٹرنگ سیل جیسے جدید نظام فعال کیے جا چکے ہیں، جن کے ذریعے پٹرولیم مصنوعات کی نقل و حرکت، ذخائر اور فروخت کی نگرانی ممکن بنائی جا رہی ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ جولائی 2026 کے دوران ڈیٹا پر مبنی خصوصی مہم کے نتیجے میں ذخیرہ اندوزی، سپلائی میں رکاوٹوں اور دیگر خلاف ورزیوں کی نشاندہی کی گئی، جن پر شوکاز نوٹس، وضاحت طلبی اور قانونی کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔ وزیراعظم نے اوگرا کے اصلاحاتی پروگرام کو سراہتے ہوئے ہدایت کی کہ تیل و گیس کے شعبے میں شفافیت، مؤثر نگرانی، ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری کے خاتمے کے لیے ڈیجیٹل نظام کو جلد مکمل طور پر فعال کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو ایندھن کی بلاتعطل فراہمی اور مناسب قیمتوں کا حصول حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیراعظم نے منظور شدہ پالیسی کے تحت ملک میں قائم آئل ریفائنریوں کی اپ گریڈیشن کا عمل تیز کرنے کی بھی ہدایت کی، جبکہ تمام ریگولیٹری اداروں کی متعلقہ وزارتوں سے مؤثر رابطے کے لیے ضروری اقدامات کرنے پر زور دیا۔ اجلاس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزراء اعظم نذیر تارڑ، ڈاکٹر مصدق ملک، احد خان چیمہ، عطاء اللہ تارڑ، شزہ فاطمہ خواجہ، علی پرویز ملک، معاون خصوصی طارق باجوہ اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 05

فع بخش سرمایہ کاری کے مواقع اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر مندوخیل نے بلوچستان میں سرمایہ کاری کے دستیاب مواقعوں سے استفادہ کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ہمارا صوبہ قیمتی معدنیات، قدرتی وسائل، ماہی گیری، زراعت، لائیو سٹاک اور ملنسار لوگوں کی سرزمین ہے۔ ابھرتے ہوئے شعبوں جیسے کہ انفارمیشن ٹیکنالوجی، آرٹیفیشل انٹیلیجنس اور سولر انرجی میں سرمایہ کاری کے مواقع موجود ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دے کر کہا کہ سرمایہ کاروں کیلئے دستیاب مواقعوں سے فائدہ اٹھانے کی اشد ضرورت ہے۔ صوبے کی تمام پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کے چانسلر کی حیثیت سے گورنر مندوخیل نے برطانوی حکومت اور اعلیٰ تعلیمی اداروں کے ساتھ شراکت داری میں تعلیمی معیار، تحقیقی تعاون اور مہارت کی ترقی کو مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔ محترمہ بلیک برن نے سوشو اکنامک ترقی کیلئے گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل کی بصیرت کو سراہا اور تعاون و سرمایہ کاری میں دلچسپی ظاہر کی۔ برطانوی ڈپٹی ہائی کمشنر نے سرمایہ کاری اور پائیدار ترقی میں، پاکستان کے ساتھ اپنی شراکت داری کو مضبوط کرنے کیلئے برطانیہ کی خواہش کی تصدیق کی۔ ملاقات کا اختتام باہمی تعاون، دوطرفہ تعلقات اور عوام سے عوام کے روابط کو بڑھانے کے مشترکہ عزم کے ساتھ ہوا

بقیہ 06

بینک کی مسلسل معاونت پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ حکومت معیشت کو مستحکم اور پائیدار ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے اصلاحاتی ایجنڈے پر بھرپور عملدرآمد کر رہی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان کا آئینی وفاقی ڈھانچہ، صوبائی خودمختاری اور وفاق و صوبوں کے درمیان باہمی تعاون و مشاورت ملک کی ترقی اور استحکام کے لیے بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ اس موقع پر عالمی بینک کی کنٹری ڈائریکٹر نے *** پاکستان میں مالیاتی وفاقیت کو مضبوط بنانے *** Fiscal Strengthening) (Pakistanin Federalism کے عنوان سے رپورٹ پیش کی اور اس کے اہم نکات پر بریفنگ دی۔ وفد نے اٹھارہویں آئینی ترمیم اور ساتویں قومی مالیاتی کمیشن (این ایف سی) ایوارڈ کے بعد مالیاتی وفاقیت کے ارتقاء، محصولات، اخراجات، وفاقی و صوبائی مالیاتی تعلقات، ادارہ جاتی ہم آہنگی اور عوامی وسائل کے مؤثر استعمال سے متعلق اپنے تجزیے اور مشاہدات سے آگاہ کیا۔ رپورٹ میں مالیاتی نظم و ضبط، وسائل کے بہتر استعمال، عوامی خدمات کی فراہمی میں بہتری اور وفاقی و صوبائی اداروں کے درمیان مؤثر تعاون کو فروغ دینے کے لیے مختلف پالیسی سفارشات بھی پیش کی گئیں۔ وزیراعظم نے عالمی بینک کے تجربے اور بین الاقوامی تجربات کی روشنی میں پیش کیے گئے تقابلی جائزے کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے مطالعات پالیسی سازی کے عمل میں مفید رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے رپورٹ کا تفصیلی جائزہ لینے کے لیے اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم کرنے کی ہدایت دی، جو متعلقہ فریقین، خصوصاً صوبوں سے مشاورت کے بعد پاکستان کے آئینی اور وفاقی ڈھانچے کو مدنظر رکھتے ہوئے قابل عمل سفارشات مرتب کرے گی۔ ملاقات میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزراء احد خان چیمہ اور احسن اقبال، مشیر وزیراعظم ڈاکٹر سید توقیر شاہ، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی اور دیگر اعلیٰ سرکاری حکام بھی شریک تھے۔

بقیہ 07

ہ عدالت کے حکم کے باوجود تاخیر کرے تو یہ توہین عدالت کے زمرے میں آئے گا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ عدالتی حکم کے خلاف بروقت اپیل یا نظرثانی دائر نہ کی جائے تو اسے حتمی تصور کیا جائے گا۔ تاخیر سے دائر نظرثانی کو بعد میں آئینی درخواست کے ذریعے چیلنج بھی نہیں کیا جاسکتا کیونکہ قانونی چارہ جوئی کو بالآخر اختتام پذیر ہونا ہی ہوتا ہے۔ عدالت نے اس فیصلے میں ایک نجی بینک کو 17 سال پرانے لیبر کورٹ کے حکم پر عملدرآمد کا بھی حکم دیا۔ لیبر کورٹ نے ڈیلی ویجز ڈرائیور محمد اکرم کو تمام سابقہ مراعات کے ساتھ بحال کرنے کا حکم دیا تھا، لیکن بینک نے اتنے عرصے میں بھی اس پر عمل نہیں کیا تھا۔ عدالت نے اس تاخیر کو "تکلیف دہ" قرار دیتے ہوئے بینک کو فوری طور پر ڈرائیور کو بحال کر کے تمام واجبات ادا کرنے کی ہدایت کی

بقیہ 08

روڑ پر جن ٹرکوں، ٹریلرز، مزدا اور دیگر گاڑیوں کو نذر آتش کیا گیا ہے۔ ان تمام متاثرہ مالکان سے درخواست ہے کہ وہ اپنی درج شدہ ایف آئی آر کی کاپی لازماً کل بروز ہفتہ بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے دفتر میں جمع کروائیں۔ تمام متاثرہ ٹرانسپورٹرز سے گزارش ہے کہ مقررہ وقت کے اندر ایف آئی آر کی کاپی جمع کرائیں تاکہ ایسوسی ایشن متاثرہ گاڑیوں کا مکمل ریکارڈ مرتب کر کے متعلقہ حکام کے سامنے مؤثر انداز میں پیش کر سکے اور نقصانات کے ازالے کے لیے مشترکہ اقدامات کیے جاسکیں۔

بقیہ 09

روزہ اجلاس یکم اگست سے شروع ہوگا خانپور تنظیم اساتذہ پاکستان کی شش ماہی مجلس انتظامیہ کا دو روزہ اہم اجلاس * یکم اگست تا 2 اگست * بمقام خانپور زیر صدارت * پروفیسر میاں محمد اکرم * منعقد ہوگا۔ اجلاس میں ملک بھر سے تنظیم اساتذہ پاکستان کی مجلس انتظامیہ کے اراکین شرکت کریں گے۔ چاروں صوبوں کے نمائندگان اپنے اپنے صوبے اور شعبوں کی شش ماہی کارکردگی رپورٹ پیش کریں گے اور تنظیم کے آئندہ لائحہ عمل کو حتمی شکل دی جائے گی۔ اس موقع پر تنظیم کے * سیکرٹری جنرل جناب حافظ فرمان عباسی * اور * مرکزی نائب صدر جناب رئیس اللہ ڈنہ منگریو * بھی خصوصی طور پر شرکت فرمائیں گے۔ دو چاروں صوبوں سے تشریف لانے والے مہمانوں کو خوش آمدید کہیں گے اور اساتذہ کے مسائل و تجاویز سنیں گے۔ تنظیم کے ذمہ داران کا کہنا ہے کہ یہ اجلاس تعلیم کی بہتری، اساتذہ کے حقوق اور تنظیم کو مزید فعال بنانے کے حوالے سے اہم فیصلے کرے گا۔

بقیہ 10

کی۔ ملاقات میں ضلع موسیٰ خیل میں کسانوں اور زمینداروں کو درپیش مسائل اور زراعت کی بہتری کے حوالے سے مختلف امور زیر بحث آئے۔ ملاقات کے اہم نکات درج ذیل ہیں: وفد نے ضلع میں تیزی سے پھیلنے والی متعدی صحت اور فصلوں کو نقصان پہنچانے والی جڑی بوٹی پارتھینیم ? گاجر بوٹی سمیت دیگر جڑی بوٹیوں کے خطرات سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر زرعی زمینوں کو بچانے کے لیے فوری اور مؤثر سپرے مہم چلانے کا مطالبہ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ بارشوں کے باعث کسانوں کی تیار فصلوں اور باغات کو پہنچنے والے شدید نقصانات پر بات چیت کرتے ہوئے تفصیلات سے آگاہ کیا اور اس کے علاوہ متاثرہ زمینداروں کی بحالی اور امداد کا معاملہ بھی زیر غور لایا گیا۔ وفد نے ضلع موسیٰ خیل میں قدرتی ماحول کو زیتون (Olive) کی کاشت کے لیے سازگار قرار دیتے ہوئے اس کے معاشی اور زرعی فوائد پر تفصیلی گفتگو کی گئی، تاکہ مقامی کسانوں کو زیتون کی کاشت کی طرف راغب کیا جا سکے۔ اس موقع پر وفد نے ڈپٹی کمشنر کو یقین دلایا کہ وہ حکومت کے ساتھ ہر ممکن تعاون کے لیے بھی تیار ہیں۔ تربت۔ 31 جولائی 2026: ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ ابوبکر میروانی نے تحصیل بلیدہ میں سرکاری رٹ کے مؤثر نفاذ اور تجاوزات کے خاتمے کے لیے کارروائی کرتے ہوئے بلیدہ ماڈل ٹاؤن میں قائم غیر قانونی تعمیرات کا سخت نوٹس لیا۔ موقع پر پہنچ کر متعلقہ تعمیراتی سرگرمیوں کا جائزہ لینے کے بعد قوانین کی خلاف ورزی پر غیر قانونی تعمیرات کو مسمار کر دیا گیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ ابوبکر میروانی نے واضح کیا کہ سرکاری اراضی پر کسی بھی قسم کی غیر قانونی تعمیر، تجاوزات یا قبضہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اور قانون کی عملداری کو یقینی بنانے اور عوامی مفاد کے تحفظ کے لیے بلاامتیاز کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی۔ بعدازاں اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ ابوبکر میروانی نے شہید ایوب بلیدی ماڈل اسکول کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے جاری تعمیراتی کاموں کا معائنہ کیا، استعمال ہونے والے تعمیراتی میٹریل کے معیار کو باریک بینی سے چیک کیا اور متعلقہ حکام کو ہدایت جاری کی کہ تعمیراتی منصوبوں کو مقررہ معیار، شفافیت اور بروقت تکمیل کے اصولوں کے مطابق مکمل کیا جائے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ حکومت بلوچستان کے ترقیاتی منصوبوں کی اعلیٰ معیار، شفافیت اور عوامی وسائل کے مؤثر استعمال کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا جبکہ ناقص تعمیراتی کام یا غیر معیاری میٹریل کے استعمال پر متعلقہ ذمہ داران کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ عوامی حلقوں نے اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ ابوبکر میروانی کی بروقت، جرأت مندانہ اور مؤثر کارروائی کو سراہتے ہوئے اسے قانون کی بالادستی، سرکاری رٹ کے استحکام اور عوامی مفاد کے تحفظ کی جانب ایک مثبت اور قابلِ تحسین اقدام قرار دیا۔ حکومت بلوچستان صحت کے شعبے کی بہتری کے لیے متحرک، دور دراز علاقوں میں طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 11

رابطہ کیا اور پھنسے ہوئے کانکنوں کی بحفاظت بازیابی کیلئے ریسکیو آپریشن تیز کرنے پر زور دیا گورنر بلوچستان اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کی وفاقی وزیر کو ریسکیو آپریشن تیز کرنے کی یقین دہانی تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا کر کانکنوں کی زندگیاں محفوظ بنانے کیلئے ہنگامی اقدامات کیے جا رہے ہیں، وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام کا سورج کول کان حادثے پر گہرے رنج و غم کا اظہار، متاثرہ کانکنوں اور انکے اہل خانہ سے ہمدردی و یکجہتی کا اظہار انجینئر امیر مقام کی متعلقہ اداروں کو ہدایت، امدادی کارروائیوں کی مسلسل نگرانی یقینی بنائی جائے اور ریسکیو ٹیموں کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے کوئٹہ سورج گیس دھماکے کے باعث 20 سے 25 کانکنوں کے کان میں پھنسنے کی اطلاعات، ریسکیو آپریشن تیزی سے جاری کان کنوں کی محفوظ بازیابی کیلئے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں

بقیہ 12

ب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعظم نے آپریشن کے دوران چار دہشت گردوں کو ہلاک کرنے اور بارودی مواد سے بھری دو گاڑیوں کو بروقت تباہ کر کے ایک بڑے دہشت گردی کے منصوبے کو ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، جرات اور بروقت کارروائی کو بھرپور انداز میں سراہا۔ اس موقع پر اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان میں دہشت گردی پھیلانے کی ہر مذموم کوشش کو سختی سے ناکام بنایا جائے گا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ملک سے دہشت گردی کے مکمل اور حتمی خاتمے تک سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیاں پوری قوت کے ساتھ جاری رہیں گی۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ پوری قوم اپنی بہادر سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور وطن عزیز کے امن، استحکام اور سلامتی کے لیے انکی قربانیوں کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے

بقیہ 13

انتظامی بہتری حاصل کرتے ہوئے اپنا خسارہ 79 ارب روپے سے کم کر کے تقریباً 21 ارب روپے تک محدود کر دیا۔ لیسکو کی بہتر کارکردگی کے نتیجے میں قومی خزانے کو 58 ارب روپے سے زائد کی مالی بہتری حاصل ہوئی۔ وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے لیسکو کی کارکردگی کو ادارہ جاتی اصلاحات، مؤثر نگرانی اور جدید انتظامی نظام کا نتیجہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کے وژن کے تحت بجلی کے شعبے میں جاری اصلاحات کے باعث نمایاں بہتری آ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ لیسکو کی ریکوری پہلی مرتبہ 101.05 فیصد تک پہنچ گئی ہے، جس نے نیپرا کی جانب سے مقرر کردہ ہدف کو بھی عبور کر لیا۔ اسی طرح کمپنی کے لائن لاسز دو برسوں میں 15.8 فیصد سے کم ہو کر 11.86 فیصد رہ گئے، جو کسی بھی تاریخ میں کسی بھی بجلی تقسیم کار کمپنی (ڈسکو) کی جانب سے مختصر مدت میں بڑی کامیابی ہے۔ وفاقی وزیر توانائی کے مطابق ایک کھرب روپے سے زائد سالانہ آمدن رکھنے والی لیسکو میں لائن لاسز کا ہر ایک فیصد کم ہونا تقریباً 10 ارب روپے کی مالی بہتری کے برابر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلنگ اور ریکوری نظام کی ڈیجیٹلائزیشن، بجلی چوری کے خلاف مؤثر اقدامات اور مسلسل مانیٹرنگ نے کمپنی کی کارکردگی بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ سردار اویس لغاری نے کہا کہ پیشہ ورانہ بورڈ آف ڈائریکٹرز، جدید نظام، مؤثر گورننس اور انتظامی خودمختاری نے لیسکو کے نتائج کو تبدیل کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلسل نگرانی، اعداد و شمار پر مبنی فیصلہ سازی اور مؤثر احتساب کے ذریعے بجلی کے شعبے میں مزید بہتری لائی جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام ڈسکوز کی کارکردگی، لائن لاسز اور ریکوری کی مسلسل نگرانی کی جا رہی ہے، جبکہ با اختیار انتظامیہ، غیر سیاسی انتظامی نظام اور مؤثر گورننس بجلی کے شعبے کی مالی حالت بہتر بنانے کی بنیاد ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ لیسکو کی کامیابی ثابت کرتی ہے کہ ادارہ جاتی اصلاحات کے ذریعے گردشی قرضے کے بوجھ میں نمایاں کمی لائی جاسکتی ہے۔ اصلاحات کے اس ماڈل کو دیگر بجلی تقسیم کار کمپنیوں میں بھی نافذ کیا جائے گا تاکہ پورے شعبے کی کارکردگی کو مزید بہتر بنائی جاسکے۔

بقیہ 14

ایس جی کمانڈوز، اے ٹی ایف انسٹرکٹرز چار ماہ کے ترجیحی کورس میں انسداد دہشت گردی کی تربیت دیتے ہوئے نوجوانوں کو خطرات سے نمٹنے کے لئے تیار کرتے ہیں اب تک بلوچستان پولیس کے 4258 نوجوان کامیابی سے بیسک اے ٹی ایف کورس کر چکے ہیں اور آج کی پاسنگ آؤٹ پریڈ میں 3 بہادر لیڈی کانسٹیبل تربیت مکمل کرتے ہوئے 284 جوانوں نے ٹریننگ حاصل کی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن کے قیام میں پولیس کے کردار ہمیشہ سے ہی غیر معمولی رہا ہے یہ غیر معمولی کردار جوانوں کو دی گئی پیشہ ورانہ تربیت کی مرہون منت ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام اسٹاف کو اسپیشل اے ٹی ایف 40 فیصد بیسک پے چارج 2011 پر مل رہا ہے اور اسی الاؤنس کو اے ٹی ایف ہیڈ کوارٹر کی جانب سے ریوائز کرنے کی سمری منظور کی اور 2022 کے چارٹ کے حساب سے 40 فیصد اے ٹی ایف الاؤنس دیا جا رہا ہے جس میں اے ٹی ایف ٹریننگ سکول شامل ہے اس ادارے کو بھی ریوائز ریٹ سے موجودہ بیسک پے اسکیل پر اے ٹی ایف 40 فیصد الاؤنس کی سمری اور ایس ایس جی کمانڈوز کی تنخواہوں میں اضافہ کیا جائے جبکہ 2013 میں ادارے کے قیام کے وقت حکومت نے سمری منظور کی کہ بیسک اے ٹی ایف کورس کی انسٹرکٹر کو ماہانہ 3 ہزار روپے میس چارجز کی مد میں جبکہ ٹرینرز کی تعداد 1 کورس میں 200 نفر اور 55 انسٹرکٹرز تھی اور بعد ریوائز نہیں ہوئے اب ایک کورس 600 نفر ٹرینرز اور 55 انسٹرکٹرز پر مشتمل ہوتا ہے اس لئے اس کو 3 ہزار سے بڑھا کر 8000 ماہانہ اور 255 نفر فی کورس کی بجائے 655 نفر فی کورس کے حساب سے فنڈ دیا جائے انہوں نے کہا کہ 13 سال قبل 400 ٹرینرز کے لئے سالانہ 50 لاکھ روپے رکھے گئے تھے اب جدید ٹریننگ کا سامان اور 12 نفر سالانہ کے حوالے سے نہایت کم ہے جس کو دوگنا کیا جائے۔

بقیہ 15

افسوسناک واقعے نے پوری قوم کو غمزدہ کر دیا ہے اور حکومت اس مشکل گھڑی میں شہداء کے لواحقین کے ساتھ کھڑی ہے شہید ہونے والے مزدوروں کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں انہوں نے کہا کہ واقعے کی مکمل تحقیقات کرائی جائیں گی تاکہ ذمہ داران کا تعین کیا جاسکے اور مستقبل میں ایسے حادثات کی روک تھام ممکن بنائی جاسکے حکومت محنت کشوں کی جانوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کرے گی اور متاثرہ خاندانوں کو ہرممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔

بقیہ 16

کرتے ہوئے وفود میں بلوچستان میں رہائش پذیر کشمیری بھی شامل تھے وفود نے طارق بٹ ایڈووکیٹ، جاوید احمد خان، جہانگیر خان خروٹی، ہمیرا خان، میر زمان لہڑی، میر لیاقت، لیاقت راجپوت اور دیگر شامل تھے۔ ملاقاتوں کے دوران ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال، صوبے میں جاری وفاقی ترقیاتی منصوبوں سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفود نے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر کو عوام کو درپیش مسائل سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا جس پر ڈپٹی چیئرمین نے مسائل حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کی مکمل حمایت اور کشمیریوں پر بھارتی مظالم کی کھل کر مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کی حمایت آئندہ بھی جاری رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں صدیوں سے کشمیری عوام بھائیوں کی طرح رہائش پذیر ہیں اور انکی صوبے کی ترقی و خوشحالی کیلئے خدمات کسی سے پوشیدہ نہیں ہیں بلوچستان یہاں آباد تمام اقوام کا مشترکہ گھر ہے جس کی ترقی و خوشحالی ہم سب کی ذمہ داری ہے کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر علاقوں میں آباد کشمیری عوام کو درپیش مسائل حل کرنے کی ہرممکن کوشش کی جائے گی۔ ملاقات کے دوران ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کو کوارڈی نیٹرز نے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر کو اپنی ایک ماہ کی کارکردگی اور صوبے کے عوام کے مسائل کے حل کے حوالے سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ سیدال خان ناصر نے کہا کہ عوام سے قریبی رابطہ رکھنے کیلئے انہوں نے کوارڈی نیٹرز تعینات کئے ہیں تاکہ وہ عوام کے مسائل معلوم کر کے مجھ تک پہنچائیں اور ان مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات کئے جاسکیں انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں محمد نواز شریف اور وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف بلوچستان کی ترقی میں خصوصی دلچسپی رکھتے ہیں اور انہوں نے صوبے میں ترقیاتی کاموں کیلئے خطیر رقم بجٹ میں مختص کر رکھی ہے ترقیاتی کاموں کی تکمیل سے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ کوارڈی نیٹرز اور وفود نے جن مسائل کی نشاندہی کی ہے انکے حل کیلئے ہرممکن اقدامات کئے جائیں گے۔

بقیہ 17

کرنے کی سہولت فراہم کر رہی ہے، جہاں روزانہ بڑی تعداد میں نوجوان امتحانات کی تیاری اور علمی سرگرمیوں میں مصروف رہتے ہیں۔ تاہم مالی وسائل کی کمی اور کرایہ کی عدم ادائیگی کے باعث اس اہم تعلیمی ادارے کا مستقبل غیر یقینی صورتحال سے دوچار ہو گیا ہے۔ عوامی حلقوں نے اس صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ضلعی انتظامیہ، مخیر حضرات، منتخب نمائندوں اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری نوٹس لے کر لائبریری کے کرایہ اور دیگر اخراجات کا مستقل حل نکالا جائے تاکہ غریب طلبہ کی تعلیمی سرگرمیاں متاثر نہ ہوں اور اس علمی مرکز کو بندش یا منتقلی سے بچایا جاسکے۔

بقیہ 18

واسلامی ممالک کا ہنگامی اجلاس بلانے کی تجویز کا بھرپور خیر مقدم کیا۔ انہوں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ امت مسلمہ کو درپیش موجودہ چیلنجز بالخصوص مسئلہ فلسطین پر تمام برادر اسلامی ممالک کو یکجا ہو کر مؤثر اور مشترکہ لائحہ عمل اپنانا چاہیے۔ آخر میں، پاکستان اور سعودی عرب کے وزرائے خارجہ نے دوطرفہ اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید مستحکم بنانے اور بالخصوص خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال کے پیش نظر آپس میں قریبی اور مستقل رابطے برقرار رکھنے پر اتفاق کیا

بقیہ 19

ایکٹ 2026 تیار کیا ہے۔ اس موقع پر اجلاس کو بتایا گیا کہ مجوزہ قانون 1977 کے قدیم وفاقی فریم ورک کی جگہ لے گا اور صوبائی سطح پر مؤثر نفاذ کے لیے جدید اور مضبوط انتظامی ڈھانچے اور کارروائیوں کا تعین کرتا ہے۔ 18 ویں ترمیم کے بعد قیمتوں کا کنٹرول صوبائی موضوع ہے: موجودہ 1977 کا ایکٹ وفاقی دور کا رہ جانے والا ہے۔ مجوزہ 2026 ایکٹ مکمل طور پر صوبائی اختیارات اور ضروریات کے مطابق ترتیب دیا گیا ہے۔ مجوزہ قانون میں پرائس کنٹرول کونسل، صوبائی کنٹرولر جنرل اور ڈپٹی کمشنرز کو ضلع کنٹرولرز کے طور پر تعین کرنے سمیت ایک مربوط کمانڈ اسٹرکچر وضع کیا گیا ہے تاکہ تیز، مربوط اور حسابی کارروائی یقینی بنائی جا سکے۔ اور یہ مسودہ قانون کو موجودہ صوبائی کابینہ کو پیش کیا جائے گا تاکہ رائے شماری اور درکار ترامیم کے بعد اسے صوبائی اسمبلی میں پیش کیا جاسکے۔ متعلقہ اسٹیک ہولڈرز بشمول وزارت قانون، محکمہ کموڈٹی مینجمنٹ، ضلعی انتظامیہ، اور تجارتی نمائندوں کو مشاورت کے لیے شامل کیا جائے گا۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ صوبائی حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے، مارکیٹ میں منصفانہ رویہ یقینی بنانے اور ذخیرہ اندوزی و منافع خوری کے خلاف مؤثر کارروائی کے لیے اس قانونی اصلاحات کے نفاذ کی خواہاں ہے۔ مجوزہ ایکٹ کے ذریعے صوبے میں قیمتوں کے استحکام، کھاد، خوراک اور ضروری اشیائے خورد و نوش کی دستیابی کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے گا۔ اجلاس میں سیکرٹری انڈسٹریز خالد سرپرہ، سیکرٹری کموڈٹی مینجمنٹ ارشد حسین مگسی، اسپیشل سیکرٹری داخلہ عبد السلام اچکزئی و دیگر نے شرکت کی۔

بقیہ 20

کرنے کا فیصلہ کیا گیا تھا، تاہم اب دونوں ایوانوں کے اجلاس آزاد کشمیر انتخابات کے بعد بلانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پارلیمانی ذرائع کا کہنا ہے کہ سینیٹ اور قومی اسمبلی کے اجلاسوں میں ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال سمیت اہم قومی امور پر بحث کی جائے گی، جبکہ حکومت مختلف قانون سازی کے لیے متعدد بلز بھی ایوانوں میں پیش کرے گی۔ ذرائع کے مطابق اجلاسوں کے انعقاد کے لیے حتمی شیڈول کا اعلان جلد متوقع ہے۔

بقیہ 21

نے اے ٹی ایف ٹریننگ اسکول کوئٹہ میں 20 ویں بیسک ٹریننگ کورس کی پاسنگ آؤٹ پریڈ کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ پاسنگ آؤٹ پریڈ میں بلوچستان پولیس کے 284 اہلکار جن میں 3 لیڈی کانسٹیبل شامل ہیں، انہوں نے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے جوانوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار ڈسٹرکٹ پولیس کی تین خواتین اہلکاروں نے رضا کارانہ طور پر انسداد دہشت گردی کورس میں مردوں کے شانہ بشانہ تربیت حاصل کی جو قوم کی یہ بیٹیاں ہمارے لئے قابل فخر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ کئی دہائیوں سے پاکستان بالخصوص بلوچستان دہشت گردی کا شکار رہا ہے۔ آئی جی پولیس نے کہا کہ انسداد دہشت گردی کی پیشہ ورانہ تربیت میں اے ٹی ایف ٹریننگ اسکول بنیادی اور مؤثر کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کی روک تھام کے دوران بلوچستان پولیس کے افسران اور جوانوں نے بے شمار قربانیاں دی ہیں، جنہیں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا بلوچستان پولیس کو ہر سطح پر بھرپور اور مکمل معاونت حاصل ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے پولیس کی تربیت اور ادارے کی استعداد کار میں اضافے کے لیے متعدد اہم اور گرانقدر اقدامات کیئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ 2013 سے قبل بلوچستان میں انسداد دہشت گردی کے لیے کوئی باقاعدہ ٹریننگ سینٹر موجود نہیں تھا تاہم آج اے ٹی ایف ٹریننگ اسکول اس شعبے میں اہم خدمات انجام دے رہا ہے۔ آئی جی پولیس نے امید ظاہر کی کہ پاس آؤٹ ہونے والے اہلکار اپنے اضلاع میں جائے تعیناتی پر پیشہ ورانہ مہارت، دیانت داری اور قومی جذبے کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام دیتے ہوئے صوبے میں عوام کے تحفظ اور امن و امان کے قیام میں اپنا مؤثر کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 22

لے ڈپٹی ریجنل نمائندے رابرٹ سمپسن نے شرکت کی، جس میں موسمیاتی تبدیلی، غذائی تحفظ اور پائیدار زرعی ترقی کے شعبوں میں جاری تعاون کا جائزہ لیا گیا اور مستقبل کے لائحہ عمل پر اتفاق کیا گیا۔ وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے ایف اے او کے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے پاکستان کے ساتھ تنظیم کی دیرینہ شراکت داری کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلی سے شدید متاثر ہونے والے ممالک میں شامل ہے، اس لیے زرعی شعبے کو موسمیاتی اثرات سے محفوظ بنانے اور جاری منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے ایف اے او کے مزید تکنیکی تعاون کی ضرورت ہے۔ اجلاس میں ایف اے او کے وفد نے ون ہیلتھ پروگرام، غذائی تحفظ، سینیٹری و فائٹو سینیٹری (SPS) نظام، اینٹی مائیکروبیل مزاحمت (AMR)، پائیدار زرعی میکانائزیشن، دریائے سندھ بیسن پروگرام، جی آئی ایس، ریموٹ سینسنگ اور ایگرو میٹرولوجیکل ٹیکنالوجیز کے ذریعے موسمیاتی لحاظ سے موزوں زراعت کے فروغ پر بریفنگ دی۔ رابرٹ سمپسن نے وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق کے تعاون سے قومی موسمیاتی فورم کے انعقاد کی تجویز پیش کی، جس کا مقصد حکومت، ترقیاتی شراکت داروں اور نجی شعبے کو ایک پلیٹ فارم پر لا کر زرعی شعبے کو درپیش موسمیاتی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مشترکہ حکمت عملی مرتب کرنا ہے۔ وفاقی وزیر نے اس تجویز کا خیر مقدم کرتے ہوئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ حکومت خوراک کے تحفظ، SPS نظام کی بہتری، ناسڈرا (NASDRA) کے ذریعے تصدیق شدہ بیجوں کے فروغ، زرعی میکانائزیشن، ذخیرہ گاہوں کی توسیع، فارمر پروڈیوسر آرگنائزیشنز (FPOs) کے قیام، "ایک ضلع، ایک پیداوار" منصوبے، لائیو اسٹاک کی برآمدات میں اضافے اور گندم و خوردنی تیل کی درآمدات پر انحصار کم کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے۔ اجلاس میں ایف اے او نے یقین دہانی کرائی کہ اگرچہ تنظیم کے براہ راست مالی وسائل محدود ہیں، تاہم پاکستان کے لیے بین الاقوامی مالیاتی اداروں اور ترقیاتی شراکت داروں سے وسائل کے حصول میں بھرپور معاونت جاری رکھی جائے گی۔ اجلاس میں پاکستان کی غذائی پیداوار، غذائیت اور زرعی پالیسی سے متعلق آئندہ ایف اے او رپورٹ، ون کنٹری، ون پرائرٹی پروڈکٹ (OCOP) پروگرام اور چونسہ آم کو پروگرام میں شامل کرنے کی تجویز پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس کے اختتام پر دونوں فریقوں نے موسمیاتی لچک، پائیدار زراعت، لائیو اسٹاک کی ترقی اور غذائی تحفظ کے شعبوں میں تعاون مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا تاکہ پاکستان کے کسانوں اور زرعی معیشت کی پائیدار ترقی کو یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 23

کیا ہے شاہد رند نے کہا کہ جاں بحق کان کنوں کی لاشیں ان کے آبائی علاقوں تک باعزت طریقے سے پہنچانے کے لیے تمام ضروری انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں تاکہ متاثرہ خاندانوں کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جاسکے انہوں نے کہا کہ محکمہ مائنز اینڈ منرلز، پی ڈی ایم اے، ریسکیو 1122 اور دیگر متعلقہ اداروں کی ٹیمیں جائے حادثہ پر مکمل مستعدی کے ساتھ ریسکیو اور امدادی سرگرمیوں میں مصروف ہیں اور تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے کے ذریعے صورتحال کی مسلسل نگرانی کر رہے ہیں معاون وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس افسوسناک سانحے پر غمزدہ خاندانوں کے دکھ میں برابر کی شریک ہے اور متاثرہ خاندانوں کو ہر ممکن تعاون اور سہولت فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ امدادی سرگرمیوں میں کوئی کوتاہی نہ برتی جائے اور متاثرہ خاندانوں کی فوری مدد کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 24

کے دوران انہوں نے بتایا کہ ان آپریشنز میں سے 31 ہزار بلوچستان جبکہ 7 ہزار 177 خیبر پختونخوا میں کیے گئے، جہاں سیکورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے خلاف مؤثر کارروائیاں کیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کے مطابق دہشت گردی کے واقعات میں رواں سال مجموعی طور پر 819 افراد شہید ہوئے، جن میں 303 پاک فوج کے جوان اور 322 شہری شامل ہیں، جبکہ دیگر شہدا مختلف قانون نافذ کرنے والے اداروں سے تعلق رکھتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے اوسطاً روزانہ 194 انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے، جبکہ مجموعی طور پر 28 خودکش حملوں کے واقعات رپورٹ ہوئے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے بتایا کہ ٹانک اور کراچی میں پیش آنے والے بعض دہشت گردی کے واقعات میں افغان شہری ملوث پائے گئے۔ ان کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کے خلاف جاری کارروائیوں کے دوران 2 ہزار 84 مصدقہ دہشت گرد ہلاک کیے گئے، جو اوسطاً روزانہ 10 دہشت گردوں کے خاتمے کے برابر ہے۔

بقیہ 25

والا منظر ایک ہی گھر کے تین سگے بھائیوں اور ان کے چچا کی شہادت جبکہ دوسرے خاندان سے بھی دو سگے بھائی شامل ہیں جو اپنے اہل خانہ کی کفالت کیلئے بلوچستان کی کوئلہ کانوں میں مزدوری کر رہے تھے۔ جمعرات کی صبح معمول کے مطابق کان کن ہزاروں فٹ گہرائی میں واقع کوئلہ کان میں کام میں مصروف تھے کہ اچانک زیر زمین ساندہ گیس کا شدید دھماکہ ہوا۔ دھماکے کے بعد کان کا بڑا حصہ بیٹھ گیا اور اندر موجود مزدور ملبے تلے دب گئے۔ امدادی کارروائیاں فوری طور پر شروع کی گئیں تاہم گہرائی، زہریلی گیسوں اور دشوار گزار حالات کے باعث ریسکیو آپریشن انتہائی مشکلات کا شکار رہا۔ اس سانحے میں 34 افراد جاں بحق ہوئے جن میں تمام محنت کش مزدور شانگلہ سے تعلق رکھتے تھے۔ یہ حادثہ صرف چند افراد کی موت نہیں بلکہ پورے شانگلہ کیلئے ایک اجتماعی سانحہ بن گیا ہے۔ جاں بحق ہونے والوں میں ایک ہی خاندان کے تین سگے بھائی اور ان کا ایک چچا شامل ہیں۔ یہ چاروں افراد اپنے گھر کے واحد کفیل تھے اور روزگار کی تلاش میں سینکڑوں میل دور بلوچستان گئے تھے تاکہ اپنے بچوں، والدین اور اہل خانہ کی ضروریات پوری کر سکیں مگر قسمت نے انہیں زندہ واپس آنے کی مہلت نہ دی۔ اس افسوسناک سانحے میں شانگلہ کے علاقے میاں کلے پیر آباد کے 22 کان کن مزدور بھی جاں بحق ہوئے جبکہ دیگر مزدوروں کا تعلق ملحقہ دیہات سے ہے۔ متاثرین میں زیادہ تر افراد آپس میں رشتہ دار، عزیز و اقارب یا ایک ہی برادری سے تعلق رکھتے ہیں۔ حادثے کی خبر جیسے ہی شانگلہ پہنچی پورے علاقے میں کہرام مچ گیا۔ ہر طرف آہ و بکا، خواتین کی سسکیاں، بچوں کے رونے کی آوازیں اور بزرگوں کی بے بسی کے مناظر دیکھنے میں آئے۔ کئی گھروں میں ایک سے زائد افراد جاں بحق ہونے کے باعث پورا خاندان اجڑ گیا جبکہ متعدد بچے یتیم اور خواتین بیوہ ہو گئیں۔ شانگلہ کی معاشی صورتحال کئی دہائیوں سے انتہائی کمزور رہی ہے۔ صنعتی ترقی نہ ہونے، روزگار کے محدود مواقع، زراعت کی کم پیداوار اور بے روزگاری کے باعث یہاں کے ہزاروں نوجوان مجبوری کے تحت بلوچستان، سندھ اور پنجاب کی کوئلہ کانوں کا رخ کرتے ہیں۔ شانگلہ کی تقریباً 65 فیصد آبادی کا روزگار براہ راست یا بالواسطہ کوئلہ کان کنی سے وابستہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہاں تقریباً ہر گھر کا کوئی نہ کوئی فرد کان کن محنت کش ہے۔ یہ بھی ایک تلخ حقیقت ہے کہ شانگلہ میں کوئلہ کان کنی صرف ایک پیشہ نہیں بلکہ نسل در نسل منتقل ہونے والا ذریعہ معاش بن چکا ہے۔ باپ کے بعد بیٹا پھر پوتا اسی خطرناک پیشے سے وابستہ ہو جاتا ہے۔ غربت اور بے روزگاری انہیں اس قدر مجبور کر دیتی ہے کہ وہ اپنی جان کی پروا کیے بغیر ہزاروں فٹ گہرائی میں اتر جاتے ہیں جہاں ہر لمحہ موت ان کی منتظر ہوتی ہے۔ کوئٹہ سورنج کا سانحہ اپنی نوعیت کا پہلا واقعہ نہیں بلکہ گزشتہ کئی دہائیوں کے دوران بلوچستان کی مختلف کوئلہ کانوں میں پیش آنے والے متعدد حادثات میں شانگلہ کے سینکڑوں مزدور اپنی جانیں گنوا چکے ہیں۔ اگر شانگلہ کی تاریخ پر نظر ڈالی جائے تو شاید ہی کوئی سال ایسا گزرا ہو جس میں شانگلہ کے کان کنوں کی میتیں آبائی علاقوں میں نہ پہنچیں۔ کئی مواقع پر ایک ہی ہفتے میں پانچ سے چھ مزدوروں کی لاشیں شانگلہ لائی گئیں مگر ہر حادثے کے بعد صرف تعزیت، اعلانات اور وعدے کیے گئے عملی اقدامات نہ ہونے کے برابر رہے۔ سماجی کارکنوں، علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ شانگلہ کے ہزاروں کان کن مزدور آج بھی بنیادی قانونی تحفظ سے محروم ہیں۔ ان میں سے اکثریت کسی سرکاری ریکارڈ میں رجسٹرڈ نہیں، انہیں سوشل سکیورٹی، ای او بی آئی، ہیلتھ انشورنس یا لائف انشورنس جیسی بنیادی سہولیات حاصل نہیں۔ متعدد مزدور مختلف ٹھیکیداروں اور لیز ہولڈرز کے ذریعے کام کرتے ہیں جہاں حادثے کی صورت میں متاثرہ خاندانوں کو مناسب معاوضہ بھی نہیں ملتا۔ شانگلہ میں اس وقت ہزاروں ایسے افراد موجود ہیں جو ماضی میں کوئلہ کانوں کے مختلف حادثات میں زخمی ہو کر مستقل معذور ہو چکے ہیں۔ کئی مزدور ہاتھ، پاؤں یا جسمانی صلاحیت کھونے کے بعد بستر تک محدود ہیں مگر ان کے لیے نہ کوئی مستقل وظیفہ ہے اور نہ ہی بحالی کا مؤثر نظام موجود ہے۔ بہت سے خاندان ایسے ہیں جن کے واحد کفیل حادثات میں جاں بحق ہوئے جس کے بعد ان کے بچے تعلیم چھوڑ کر کم عمری میں مزدوری کرنے پر مجبور ہو گئے۔ کوئلہ کانوں میں حفاظتی انتظامات انتہائی ناقص ہیں۔ جدید گیس ڈیٹیکشن سسٹم، وینٹیلیشن، ہنگامی اخراج کے راستے، حفاظتی تربیت اور عالمی معیار کے حفاظتی آلات اکثر کانوں میں موجود نہیں ہوتے۔ یہی وجہ ہے کہ ساندہ گیس کے دھماکے، کان بیٹھ جانے اور زہریلی گیس بھر جانے جیسے واقعات بار بار پیش آتے ہیں۔ شانگلہ کے سماجی رہنماؤں، علاقہ مکینوں اور مزدور تنظیموں نے وفاقی اور بلوچستان حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ کوئٹہ سورنج سانحے کی شفاف عدالتی تحقیقات کرائی جائیں، ذمہ داران کے خلاف کارروائی کی جائے، جاں بحق مزدوروں کے ورثاء کو خطیر مالی امداد اور سرکاری ملازمتیں دی جائیں جبکہ تمام کان کن مزدوروں کی لازمی رجسٹریشن، سوشل سکیورٹی، ای او بی آئی، لائف انشورنس اور ہیلتھ انشورنس کو یقینی بنایا جائے۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ اگر حکومت واقعی ایسے سانحات کی روک تھام چاہتی ہے تو صرف امدادی اعلانات کافی نہیں ہوں گے بلکہ کوئلہ کانوں میں عالمی معیار کے حفاظتی قوانین پر سختی سے عمل درآمد، باقاعدہ معائنے، جدید ٹیکنالوجی کا استعمال اور مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کے لیے مؤثر قانون سازی ناگزیر ہے۔

بقیہ 26

10 کوہ پیماؤں میں سے 2 افراد کی لاشیں برآمد کر کے سکردو منتقل کر دی گئی ہیں، جبکہ ان کی شناخت کا حتمی عمل جاری ہے۔ سرچ اینڈ ریسکیو کارروائی کے دوران کے ٹو مہم کے دوران بیمار ہونے والے ایک اطالوی کوہ پیما کو بھی پاک فوج نے ہیلی کاپٹر کے ذریعے بحفاظت ریسکیو کر لیا۔ حکام کے مطابق لاپتہ کوہ پیماؤں کی تلاش کے لیے جاری زمینی سرچ اینڈ ریسکیو مشن کی قیادت معروف پاکستانی کوہ پیما سرباز خان کر رہے ہیں۔ لاپتہ افراد میں امریکہ، چین، نیپال اور عمان سے تعلق رکھنے والے کوہ پیما بھی شامل ہیں، جبکہ پاکستانی کوہ پیما سیکیل کی بھی اس ٹیم کا حصہ ہیں۔ پاک فوج کے ہیلی کاپٹر ریسکیو مشن کے ساتھ ساتھ زمینی سرچ آپریشن میں سول ریسکیو ٹیمیں بھی بھرپور معاونت فراہم کر رہی ہیں۔ واضح رہے کہ ایک روز قبل براڈ پیک سر کرنے کی کوشش کے دوران کوہ پیماؤں کا ایک گروپ اچانک برفانی تودے کی زد میں آ گیا تھا، جس کے بعد بڑے پیمانے پر سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن شروع کیا گیا۔

بقیہ 27

بیان میں اسحاق ڈار نے کہا کہ اس فیصلے سے پاکستان پر عالمی اعتماد میں اضافہ ہوگا اور بین الاقوامی تجارت کے لیے سازگار ماحول پیدا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ یہ کامیابی حکومتِ پاکستان اور لندن میں پاکستانی ہائی کمیشن کی مشترکہ اور مسلسل سفارتی و پیشہ ورانہ کوششوں کا نتیجہ ہے۔ نائب وزیراعظم نے WarJoint Lloyd's Committee کے مثبت تعاون کو بھی سراہا۔ اسحاق ڈار کے مطابق پاکستان کو وار رسک لسٹ سے نکالے جانے کے بعد شپنگ اور انشورنس کے اخراجات میں نمایاں کمی متوقع ہے، جس سے درآمدات و برآمدات کے شعبے کو فائدہ پہنچے گا، تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا اور ملکی معیشت کو مزید استحکام حاصل ہوگا۔

بقیہ 28

ہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے ویڈیو لنک کے ذریعے کی۔ اجلاس میں وفاقی وزیر آبی وسائل میاں محمد معین وٹو این ڈی ایم اے ہیڈکوارٹرز میں شریک ہوئے، جبکہ وفاقی و صوبائی وزراء، چیف سیکرٹریز، متعلقہ وفاقی وزارتوں، صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹیز اور دیگر اداروں کے نمائندگان نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ چیئرمین این ڈی ایم اے اور نیشنل ایمرجنسیز آپریشن سینٹر کی ٹیم نے مون سون کی موجودہ صورتحال، جانی و مالی نقصانات، امدادی کارروائیوں اور بحالی کے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں دریاؤں میں پانی کے بہاؤ، آئندہ متوقع بارشوں اور ممکنہ خطرات کا بھی جامع جائزہ لیا گیا۔ این ای او سی نے کمیٹی کو آگاہ کیا کہ آنے والے دنوں میں شمالی اور وسطی پاکستان میں بارشوں کا امکان ہے، جبکہ جنوب مشرقی سندھ کے مختلف علاقوں میں ہلکی سے درمیانی بارش متوقع ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ این ڈی ایم اے قومی اور بین الاقوامی فلاحی اداروں کے تعاون سے متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔ بریفنگ میں یہ بھی بتایا گیا کہ آبادی میں مسلسل اضافے، موسمیاتی تبدیلیوں اور بڑھتے ہوئے درجہ حرارت کے باعث پاکستان کے آبی وسائل پر دباؤ بڑھ رہا ہے۔ صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹیز نے اپنی تیاریوں، دستیاب وسائل اور جاری امدادی و ریسکیو اقدامات سے بھی کمیٹی کو آگاہ کیا۔ ایمرجنسی رسپانس کمیٹی نے وفاقی وزارتوں، صوبائی حکومتوں، ضلعی انتظامیہ اور دیگر متعلقہ اداروں کے بروقت اور مؤثر اقدامات کو سراہتے ہوئے ہدایت کی کہ امداد، ریلیف اور بحالی کی سرگرمیوں کو مزید تیز کیا جائے اور وفاق، صوبوں اور ضلعی اداروں کے درمیان ہر سطح پر مؤثر رابطہ برقرار رکھا جائے۔ کمیٹی نے عوام سے اپیل کی کہ وہ ممکنہ موسمی خطرات سے باخبر رہیں، حفاظتی تدابیر پر عمل کریں، غیر ضروری سفر سے گریز کریں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال میں متعلقہ اداروں سے فوری رابطہ کریں۔ عوام کو مستند موسمی پیش گوئی، ممکنہ خطرات اور حفاظتی ہدایات کے لیے ** پاک این ڈی ایم اے ڈیزاسٹر الرٹ موبائل ایپ استعمال کرنے کی بھی تلقین کی گئی۔

بقیہ 29

کے ساتھ آئندہ سیزن کی منصوبہ بندی، مجوزہ اصلاحات اور شائقین کرکٹ کے لیے نئی سرگرمیوں پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں ایچ بی ایل پی ایس ایل 11 کے دوران ہونے والے 44 میچز میں کرکٹ کے معیار، انتظامی امور اور لیگ کی مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ شرکا نے سوشل میڈیا، اسٹریمنگ پلیٹ فارمز اور ٹیلی ویژن پر ریکارڈ ویورشپ کو لیگ کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کا ثبوت قرار دیا۔ اجلاس کے دوران آئندہ سیزن کی ونڈو، پلیئنگ کنڈیشنز، ڈائریکٹ سائننگ اور ریٹینشن پالیسی سے متعلق امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ فیصلہ کیا گیا کہ ان اہم معاملات پر جلد ورکشاپس منعقد کی جائیں گی تاکہ تمام فرنچائزز کی مشاورت سے حتمی لائحہ عمل مرتب کیا جا سکے۔ شرکا نے سخت حالات میں ایچ بی ایل پی ایس ایل 11 کے کامیاب انعقاد پر چیئرمین پی سی بی محسن نقوی اور ان کی ٹیم کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ اجلاس میں آف سیزن اور پری سیزن کے دوران شائقین کے لیے خصوصی سرگرمیوں کے انعقاد پر بھی غور کیا گیا، جبکہ یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ پی ایس ایل اور تمام آٹھ فرنچائزز کے باہمی اشتراک سے لیگ کا آفیشل مرچنڈائز پلیٹ فارم لانچ کیا جائے گا تاکہ مداحوں کو باضابطہ مصنوعات کی آسان دستیابی یقینی بنائی جا سکے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ایچ بی ایل پی ایس ایل کی گورننگ کونسل کا اہم اجلاس اگست کے آخری ہفتے میں منعقد ہوگا، جبکہ اجلاس کی تاریخ، وقت اور مقام کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔

TENDER NOTICE

The Superintendent Govt Poultry Farm Khuzdar invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2627071145461**
Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender Fee 1000 PKR

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Animal Food & Medicine (Total Item(s) Count: 2)	2 %

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 300,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 900,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 17 August, 2026 during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 17 August, 2026 till 10:45 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:45 AM Address: office of govt poultry farm khuzdar

Phone no: 3379793666
Email: governmentpoultryfarmkhuzdar@gmail.com

Superintendent
Government Poultry Farm
Khuzdar

DPRQ/PRQ No.506/31-7-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

تاجر برادری کئی دہائیوں سے ان مارکیٹوں میں کاروبار کر رہی ہے، رحیم آغا، ولی افغان، حاجی داود خلجی و دیگر

7 اور 8 اگست کو کوئٹہ بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال ہوگی، انجمن تاجران بلوچستان

کرایہ دار دکانداروں کو بے دخل کرنے کی کوششیں اور عدالتی فیصلوں کے باوجود تاجروں کو مسلسل ہراساں کرنا قابل مذمت ہے

کوئٹہ (آن لائن) انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ) کے صدر رحیم آغا، جنرل سیکرٹری ولی افغان، حاجی اسلم ترین، حاجی داود خلجی، حاجی عبدالنافع نورزئی، رجب محمد، ایوب گجر، ولی محمد ترین، اسد خان، اکمل خان، مطیع اللہ، بخت کاکڑ، عبدالحکیم الکوزئی، بشیر خان تنجرانی و دیگر عہدیداروں نے کہا ہے میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جانب سے جناح کلاتھ مارکیٹ، عسکری مارکیٹ اور دیگر مارکیٹوں کے کرایہ دار دکاندار (باقی صفحہ 2 نمبر13)

علاج معالجے کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، ڈی ایچ او گوادر

بنانے کیلئے نگرانی کا سلسلہ آئندہ بھی اسی جذبے کے ساتھ جاری رکھا جائے گا

گوادر / پسنی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے عوام دوست وژن کے مطابق ہر شہری کو اس کی دہلیز پر معیاری اور بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے محکمہ صحت گوادر اپنی سرگرمیاں مزید مؤثر انداز میں جاری رکھے ہوئے ہے۔ اسی سلسلے میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر گوادر ڈاکٹر یاسر طاہر نے پاک عمان ہسپتال پسنی، سول ڈسپنسری ریک پشت اور بنیادی مرکز صحت (بی ایچ یو) ہیرشور کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران ڈاکٹر یاسر طاہر نے صحت مراکز میں دستیاب طبی سہولیات، ادویات کے ذخیرے، طبی آلات، عملے کی حاضری، او پی ڈی ریکارڈ، صفائی (باقی صفحہ 2 نمبر12)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار محمد رسول کو گیس کے بل میں 38515 روپے کا ریلیف فراہم کر دیا گیا

کوئٹہ (پ ر) درخواست گزار محمد رسول نے بتایا کہ انہیں گیس آفس (Ssgcl) کی جانب سے غیر منصفانہ طور پر 38515 روپے کا بل موصول ہوا۔ جس کی درستگی کے لیے انہوں نے متعدد بار متعلقہ محکمے سے رجوع کیا لیکن ان کا مسئلہ حل نہیں ہوا۔ لہٰذا انصاف کے (باقی صفحہ 2 نمبر10)

میر محمد صادق عمرانی سے آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ کمپنی کے وفد کی ملاقات

وزیر اعلیٰ سے ملاقات سمیت ان کے تمام جائز مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے، گفتگو

وفد نے صوبائی وزیر کو صوبے بھر میں کشیدہ حالات کے باعث ٹرانسپورٹ گاڑیوں کو پہنچنے والے نقصانات سے آگاہ کیا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پاکستان پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن، پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی سے جمعرات کے روز ان کے دفتر میں آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ کمپنی کے وفد نے چیئرمین میر نواب خان مینگل کی سربراہی میں ملاقات کی۔ وفد میں بلوچستان پرچون گڈز ایسوسی ایشن کے صدر حاجی محمد فاروق اور دیگر رہنما بھی شامل تھے۔ وفد نے صوبائی و (باقی صفحہ 2 نمبر11)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اے ٹی ایف ٹریننگ اسکول کوئٹہ میں 20ویں پاسنگ آؤٹ پریڈ کی مناسبت سے منعقدہ تقریب میں پریڈ کا معائنہ کر رہے ہیں

زیارت کے ہر گھر میں سوگ، غم اور بے بسی کی فضا قائم ہے، دلاور خان

جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی ترجمان حاجی دلاور خان کاکڑ کا بیان

ان کی شہادت سے کئی گھرانوں کا سہارا چھن گیا ہے اور پورا ضلع زیارت غم میں ڈوبا ہوا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی ترجمان حاجی دلاور خان کاکڑ نے کہا ہے کہ آج ضلع زیارت کے ہر گھر میں سوگ، غم اور بے بسی کی فضا قائم ہے۔ حالیہ دہشت گردی کے المناک واقعے میں شہید ہونے والے متعدد افراد اپنے خاندانوں کے واحد کفیل تھے۔ ان کی شہادت سے کئی گھرانوں کا سہارا چھن گیا ہے اور پورا ضلع زیارت غم میں (باقی صفحہ 2 نمبر8)

ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق مجک کی زیر صدارت اجلاس

اجلاس میں 14 اگست یوم آزادی اور یوم استحصال کشمیر کے حوالے سے جائزہ

موسیٰ خیل (خ ن) ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق مجک کی زیر صدارت 14 اگست یوم آزادی اور یوم استحصال کشمیر کے حوالے سے ایک اہم انتظامی اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ضلعی انتظامیہ اور تمام لائن ڈیپارٹمنٹس کے سربراہان نے شرکت کی جس میں (باقی صفحہ 2 نمبر7)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اے ٹی ایف ٹریننگ اسکول کوئٹہ کے اے ٹی ایف کا چاک وچوبند دستہ سلامی پیش کر رہا ہے

خضدار، سیکیورٹی فورسز کا کامیاب آپریشن، 4 دہشتگرد ہلاک

بڑے پیمانے پر تباہی کا منصوبہ ناکام بارودی مواد سے بھری دو گاڑیاں تباہ

راولپنڈی / کوئٹہ (آن لائن) سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع خضدار میں انٹیلی جنس کی بنیاد پر ایک کامیاب کارروائی کرتے ہوئے ”فتنہ الہندوستان“ سے وابستہ چار دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا جبکہ بارودی مواد سے بھری دو گاڑیوں کو بھی تباہ کر دیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے مصدقہ خفیہ اطلاعات کی روشنی میں یہ آپریشن کیا۔ کارروائی کے دوران بڑے پیمانے پر تباہی پھیلانے کے لیے بار (باقی صفحہ 2 نمبر14)

آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے 35 اضلاع کے صدور اور جنرل سیکرٹریز کا اجلاس

کوئٹہ (آن لائن) آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے 35 اضلاع کے صدور اور جنرل سیکرٹریز کا اجلاس صوبائی صدر میر عبدالسلام لانگو کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین ملک عبدالغفار مندوخیل، جنرل سیکرٹری ملک مجیب مہترزئی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری صلاح الدین کبزئی، پشین کے صدر عیسیٰ روشان، ضلعی صدر قلعہ سیف اللہ حاجی دارا خان جوگیزئی، صاحبزادہ بسم اللہ خان (باقی صفحہ 2 نمبر17)

نوابزادہ جمال رئیسانی کا سورینج کوئلہ کان حادثے پر اظہار افسوس

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے نواحی علاقے سورینج میں کوئلہ کان میں گیس بھر جانے کے باعث پیش آنے والے افسوسناک حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر پاکستان پیپلز (باقی صفحہ 2 نمبر15)

ڈسٹرکٹ پولیس استا محمد کی مختلف کارروائیاں اقدام قتل سمیت دیگر برائیوں میں ملوث ملزمان گرفتار

استا محمد (آن لائن) ڈسٹرکٹ پولیس استا محمد کی مختلف کارروائیاں اقدام قتل سمیت دیگر برائیوں میں ملوث ملزمان گرفتار تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی حافظ معاذ الرحمان کی (باقی صفحہ 2 نمبر16)

سورینج میں کوئلہ کان کے المناک حادثے پر میر علی حسن زہری کا اظہار افسوس

بلوچستان کے کان کن محفوظ ماحول میں باعزت طریقے سے اپنا روزگار کما سکیں

اس دلخراش حادثے نے پوری قوم کو سوگوار کر دیا ہے، ترجمان صدر مملکت زرداری

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر صوبائی نائب صدر، صدر مملکت آصف علی زرداری کے ترجمان اور سابق صوبائی وزیر زراعت وکوآپریٹو میر علی حسن زہری نے کوئٹہ کے علاقے سورینج میں کوئلہ کان کے المناک حادثے میں متعدد قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ، افسوس اور رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ میر علی حسن زہری نے اپنے تعزیتی بیان میں کہا کہ اس دلخراش حادثے نے پوری قوم کو سوگوار کر دیا ہے۔ محنت کش کان کن اپنے خاندانوں کا پیٹ پالنے کے لیے انتہائی دشوار اور خطرناک حالات میں فرائض انجام دیتے ہیں (باقی صفحہ 2 نمبر4)

پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کا مائن حادثے کے ذمہ داروں کو سخت سزا دینے کا مطالبہ

مائنز میں حفاظتی انتظامات، ٹھیکیداری نظام کا خاتمہ، وینٹیلیشن سسٹم، روزانہ کی بنیاد پر مائنز انسپکشن یقینی بنائی جائے

صحت و سلامتی کے قوانین کی خلاف ورزی کرنے والی مائنز کمپنیوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے: سلطان خان

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن نے بلوچستان کے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سے تقریباً چالیس سے پچاس کلومیٹر مشرق کی جانب واقع سورینج کے علاقے سپین کاریز کول فیلڈ میں کوئلے کی کان میں ہونے والے دھماکے کے تقریباً 38 کان کنوں کی ہلاکت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ مائن حادثے کی شفاف، غیر جانبدارانہ، اعلیٰ سطحی انکوائری کر کے وجوہات (باقی صفحہ 3 نمبر31)

بلوچستان پولیس کی تین خواتین پولیس اہلکاروں نے رضاکارانہ طور پر انسداد دہشت گردی کورس میں شرکت

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ بلوچستان پولیس کی تین خواتین پولیس اہلکاروں نے رضاکارانہ طور پر انسداد دہشت گردی کورس میں شرکت کرتے ہوئے دی گئی جدید تربیت حاصل کی اس کا آج کا 4 ماہ کے کورس کے اختتام پر باقاعدہ طور پر مظاہرہ بھی کیا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر9)

کوئٹہ، زرغون گھر میں ایف سی کی چوکیوں پر حملہ، 3 دہشتگرد ہلاک

فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کی مشترکہ کارروائی پسپا

راولپنڈی / کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے زرغون گھر میں ”فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان“ سے وابستہ دہشت گردوں نے فرنٹیئر کور (ایف سی) کی دو چوکیوں کو بیک وقت نشانہ بنانے کی مذموم کوشش کی، تاہم چوکیدار و جری ایف سی اہلکاروں نے پیشہ ورانہ مہارت اور بروقت جوابی کارروائی کرتے ہوئے حملہ ناکام بنادیا اور 3 دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سیکیورٹی ذرائع کے مطابق فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں نے کوئٹہ کے حساس علاقے (باقی صفحہ 3 نمبر32)

بے بنیاد سیاسی بیان بازی کا ہر سطح پر موثر جواب دیا جائیگا، آئی پی پی بلوچستان

عبدالعلیم خان ہماری ریڈ لائن ہیں عبدالعلیم خان قومی خدمت، ترقی اور باوقار سیاست کی علامت ہیں

استحکام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر ملک سعد اللہ جان ترین کا خواجہ آصف کو دوٹوک جواب

کوئٹہ (آن لائن) استحکام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر ملک سعد اللہ جان ترین نے وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف کی جانب سے وفاقی وزیر مواصلات اور استحکام پاکستان پارٹی کے مرکزی صدر عبدالعلیم خان سے متعلق حالیہ بیان کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بیان سیاسی پوائنٹ اسکورنگ، عوام کی توجہ حقیقی مسائل سے ہٹانے اور بے مقصد بیان بازی کے سوا کچھ نہیں۔ اپنے جاری کردہ بیان میں ملک سعد (باقی صفحہ 3 نمبر33)

حکومت کا پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا اعلان، نوٹیفکیشن جاری

پٹرول 1 روپے 9 پیسے جبکہ ڈیزل کی قیمت میں 2 روپے 42 پیسے فی لٹر اضافہ

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ایک بار پھر اضافہ کرتے ہوئے نئی قیمتوں کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ پٹرولیم ڈویژن کے مطابق قیمتوں میں یہ ردوبدل آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) کی جانب سے تیار کردہ سفارشات اور تجاویز کی روشنی میں کیا گیا ہے۔ پٹرول کی فی لٹر قیمت میں 1 روپے 9 پیسے کا اضافہ کیا گیا ہے

موضع کنڈیارو اوتھل میں سرکاری زمین پر مبینہ قبضے کے الزامات، تحقیقات کا مطالبہ

اوتھل (آن لائن) موضع کنڈیارو اوتھل میں سرکاری زمین پر مبینہ قبضے کے الزامات، تحقیقات کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق (باقی صفحہ 2 نمبر6)

صدر مملکت کی کمانڈر نیشنل سٹرٹیجک کمانڈ جنرل عامر رضا کو نشان امتیاز (ملٹری) عطا کرنے کی منظوری

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت نے کمانڈر نیشنل سٹرٹیجک کمانڈ جنرل سید عامر رضا کو نشان امتیاز (ملٹری) عطا کرنے کی منظوری دے دی۔ ایوان صدر کے اعلا (باقی صفحہ 2 نمبر5)

زرعی مداخل کی قیمتیں تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکی ہیں، چوہدری شوکت

گندم اور آٹے کی موجودہ صورتحال کسان اور عام صارف دونوں کیلئے انتہائی تشویشناک ہے

فرید آباد (آن لائن) چیمبر آف فوڈ اینڈ ایگریکلچر پاکستان کے مرکزی صدر چوہدری شوکت علی چدھڑ نے کہا ہے کہ پاکستان میں گندم اور آٹے کی موجودہ صورتحال کسان اور عام صارف دونوں کے لیے انتہائی تشویشناک ہے۔ کسان سے کم قیمت پر گندم خریدنے کے باوجود عوام کو سستا آٹا اور روٹی فراہم نہ کیا جانا ناقابل قبول ہے۔ حکومت کو اس معاملے پر فوری اور مؤثر اصلا (باقی صفحہ 2 نمبر1)

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے سورینج میں کوئلہ کان کے افسوسناک حادثے کا سخت نوٹس

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے سورینج میں کوئلہ کان کے افسوسناک حادثے کا سخت نوٹس لیتے ہوئے محکمہ مائنز اینڈ منرلز سے فوری رپورٹ طلب کر لی ہے وزیراعلیٰ نے حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا (باقی صفحہ 2 نمبر3)

سیاسی اختلاف کو ذاتی حملوں میں تبدیل نہ کیا جائے: مسلم لیگ (ن)

بلاول بھٹو اپنے بیان پر معذرت کریں اور ذمہ دارانہ سیاسی رویہ اختیار کریں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے سیکرٹری اطلاعات چوہدری شبیر بلوچستانی نے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی جانب سے محترمہ مریم نواز شریف کے خلاف استعمال کی گئی غیر ذمہ دارانہ، غیر شائستہ اور اشتعال انگیز زبان کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیاسی اختلاف ہر جماعت کا حق ہے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر2)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اے ٹی ایف ٹریننگ اسکول کوئٹہ میں 20ویں پاسنگ آؤٹ پریڈ کی مناسبت سے منعقدہ تقریب کے اختتام پر ٹریننگ میں نمایاں کارکردگی پیش کرنے والے اہلکاروں کو تعریفی اسناد دے رہے ہیں

قبائلی تنازعات کے خاتمے کیلئے علماء اور مشران کو فعال کردار ادا کرنا ہوگا: قائدین جے یو آئی نظریاتی

عفو و درگزر ہی امن و ترقی کی بنیاد ہے، جے یو آئی نظریاتی

رسول اکرم ﷺ کی تعلیمات میں عالمی امن اور انسانیت کی فلاح کا پیغام مضمر ہے، قبائلی دشمنیاں ترقی کی راہ میں رکاوٹ ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی قائم مقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی کنوینر مفتی شفیع الدین صوبائی کنوینر مولانا قاری مہر اللہ مرکزی ترجمان سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی دو قبیلے کے درمیان تصفیے کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عفو و درگزر میں اقوام عالم کی کامیابیوں اور کامرانیوں کا راز مضمر ہے اسلام نے امن کا دین لاکر جو کہ جانوروں سے لیکر ساری دنیا کے لوگوں تک کیلئے (باقی صفحہ 2 نمبر18)

سول ہسپتال دتو وارڈ کے سامنے مین ہول کھلا پڑا ہے

نوشکی، چوتھے روز کرفیو کے باعث دکانیں، مارکیٹیں اور ٹرانسپورٹ مکمل طور پر بند رہیں

نوشکی (آن لائن) نوشکی شہر میں چوتھے روز بھی کرفیو نافذ رہی جس کے باعث دکانیں، مارکیٹیں اور ٹرانسپورٹ مکمل طور پر بند رہیں جبکہ شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ بازار کے طویل بندش کے باعث گھروں میں راشن، ادویات، بچوں کے دودھ اور پینے کے (باقی صفحہ 2 نمبر19)

پولیس کانسٹیبل شہید محمد رفیق سیال کی نماز جنازہ پولیس لائن

ڈیرہ مراد جمالی میں سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) گزشتہ شب نوتال کے علاقے میں شہید ہونے والے پولیس کانسٹیبل محمد رفیق سیال کی نماز جنازہ پولیس لائن ڈیرہ مراد جمالی میں سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا، ڈی آئی جی نصیر آباد رینج، ایس ایس پیز، پولیس افسران اور عوام کی بڑی تعداد کی شرکت نماز جنا (باقی صفحہ 2 نمبر20)

بشیر احمد خان اچکزئی کا نوابزادہ ریاض باکسنگ اکیڈمی کا دورہ

چوہدری سالک حسین صاحب کی کھیلوں کے فروغ میں خصوصی دلچسپی رکھتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ق) ضلع کوئٹہ کے صدر بشیر احمد خان اچکزئی نے جمعہ کو نواب زادہ ریاض باکسنگ اکیڈمی کا دورہ کیا اس موقع پر اکیڈمی کے جان استاد (باقی صفحہ 2 نمبر21)

جلد ہی اس سلسلے میں آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کرے گی، پشتونخوامیپ ژوب

حافظ خلیل کے مدرسے کے ساتھ گزرنے والی اہم شاہراہ کی کسی بھی قسم کی بندش ہرگز قابل قبول نہیں

ژوب (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ژوب کے ضلعی پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ حافظ خلیل کے مدرسے کے ساتھ گزرنے والی اہم شاہراہ کی کسی بھی قسم کی بندش ہرگز قابل قبول نہیں۔ یہ شاہراہ ضلع ژوب کو مندوخیل بیلٹ، وانا، شیرانی ہیڈکوارٹر، قمرالدین کاریز، لوون، مراوزئی اور پاک۔ افغان بارڈر سے ملانے والی ایک نہایت اہم اور مرکزی سڑک ہے، جس پر روزانہ ہزاروں افراد کی آمد و رفت اور تجارتی سرگرمیاں وابستہ ہیں۔ پارٹی کا مؤقف ہے کہ اس اہم عوامی شاہراہ کی بلاجواز بندش سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا (باقی صفحہ 2 نمبر29)

قومی شاہراہوں پر جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنائیں، جمعیت

بلوچستان کے تاجروں اور ٹرانسپورٹرز کا معاشی قتل عام فوری طور پر بند کیا جائے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد، مفتی رضا خان، حاجی ظفر اللہ کاکڑ، میر سرفراز شاہوانی، میر حشمت لہڑی، سیٹھ اجمل بازئی، سالار مولوی علی جان، مولانا سید سعد اللہ آغا اور مولوی نقیب اللہ ملاخیل نے کہا ہے کہ بلوچستان کے تاجروں اور ٹرانسپورٹرز کا معاشی قتل عام فوری طور پر بند کیا جائے۔

مائنز میں کام کرنے والے مزدوروں کو تحفظ اور ذمہ داروں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے، مولانا عبدالقادر لونی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی سیکرٹری جنرل مفتی شفیع الدین مرکزی سیکرٹری اطلاعات حاجی سید عبدالستار شاہ چشتی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ اور دیگر نے سورینج سپین کاریز مائنز سانحہ میں درجنوں افراد کے پھنسنے (باقی صفحہ 2 نمبر30)

کسٹمز حکام نے اربوں روپے مالیت کا ضبط شدہ غیر قانونی سامان نذر آتش کر دیا

دالبندین (آن لائن) بلوچستان کے ضلع چاغی کے علاقے دالبندین میں کسٹمز حکام نے گزشتہ چار سے پانچ برس کے دوران مختلف کارروائیوں میں ضبط کیے گئے اربوں روپے مالیت کے غیر قانونی سامان کو قانونی کارروائی مکمل ہونے کے بعد نذر آتش کر دیا۔ کسٹمز حکام کے مطا (باقی صفحہ 2 نمبر31)

کارکن پانچ اگست کے احتجاجی مظاہرے کی بھرپور تیاری کرے، پشتونخوامیپ

سٹی تحصیل ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس، تنظیمی فعالیت پر زور دیا گیا، عبدالقہار ودان، سید شراف آغا

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ سے مربوط تحصیل سٹی کے ایگزیکٹو اور کمیٹی کے علیحدہ علیحدہ اجلاس تحصیل سیکرٹری کے زیر صدارت منعقد ہوئے۔ اجلاس میں پارٹی کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا، صوبائی ایگزیکٹو ملک عمر کاکڑ، اقبال بٹیزئی، حفیظ ترین، ضلع ایگزیکٹوز اور ضلع کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں سٹی تحصیل سے مربوط علاقائی یونٹوں میں اپنی رپورٹس پیش کی جس کا جائزہ لیا گیا اور بعد ازاں منظوری دی گئی۔ اجلاس کی کارروائی تحصیل سینئر معاون سیکرٹری (باقی صفحہ 2 نمبر33)

ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی پر کارروائیاں جاری

فضائی آلودگی، صنعتی فضلہ اور شاپر بیگز کے خلاف سخت اقدامات کا اعادہ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی سیکرٹری ماحولیات وموسمیاتی تبدیلی نور احمد پرکانی نے بلوچستان انوائرمنٹ پروٹیکشن (ایجنسی) کے صوبائی ڈائریکٹوریٹ کا تعارفی دورہ کیا جس میں محکمے کی کارکردگی کے حوالے سے ماحولیاتی قوانین سے متعلق تفصیلی پر ڈائریکٹر ماحولیات جنرل ظہور بلوچ، ڈائریکٹرز اور دیگر افسران نے کہا کہ محکمہ ماحولیات اپنی روزمرہ کی بنیاد پر ایکٹ 2012 تحت قانونی کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں چاہے وہ کرش پلانٹس، فضائی آلودگی، کارخانے، ہسپتال کا فضلات، پلاسٹک کی تھیلیاں (شاپر) اور دیگر فیکٹروں ہیں جن پر ماحولیاتی ایکٹ (باقی صفحہ 2 نمبر32)

kicker: شاہراہوں پر عام مسافروں کو نشانہ بنانا نہایت افسوسناک، غیر انسانی اور ناقابل برداشت اقدامات ہیں

جرائم پیشہ اور مسلح عناصر کو کھلی چھوٹ حاصل ہے، پشتونخوا نیپ

تمام مسلح عناصر اور سلمان خان نورزئی کے قاتلوں کو فوری طور پر گرفتار کر کے قانون کے مطابق سخت سزا دی جائے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ پریس ریلیز میں تربت میں سات بے گناہ مزدوروں کے بہیمانہ قتل اور گزشتہ کوئٹہ۔ کراچی شاہراہ پر پیش آنے والے پے در پے افسوسناک واقعات منگچر کے مقام پر مسلح افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں معصوم شہری سلمان خان نورزئی کی شہادت کی شدید ترین اور گزشتہ چار دنوں سے ضلع قلعہ عبداللہ اور چمن کے چار افراد کی کوئٹہ۔ کراچی شاہراہ (باقی صفحہ 2 نمبر22)

کوئٹہ، بلوچستان ریفارمر سوشل نیٹ ورک کے زیر اہتمام ایکسی لینس ایوارڈ تقریب کے موقع پر رکن قومی اسمبلی ملک عادل خان بازئی، چیئرپرسن ویمن اسٹینس کرن بلوچ، وائس چیئرمین بلوچستان ریفارمر حاجی اسحاق مینگل، ڈاکٹر فرحت حسین، فائزہ سکندر، صفیہ مینگل، فاطمہ خان اور دیگر شرکاء اسٹیج پر بیٹھے ہیں

آمرانہ اقدامات سے سیاسی استحکام اور جمہوریت پامال ہوا ہے، عبدالرحیم زیارتوال

محمود خان اچکزئی ملک کو موجودہ بحرانوں سے نجات کیلئے بارہا کانفرنس بلانے پر زور دیتے رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے ایک اخباری بیان میں ملک کی سخت بحرانی صورتحال پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کی مقتدرہ قوتیں ملکی آئین بنانے میں رکاوٹیں اور 23 سال کے بعد متفقہ آئین کو بار بار معطل، پامال یا منسوخ کرنے کے آمرانہ اقدامات کے نتیجے میں ملکی سیاسی استحکام اور جمہوریت (باقی صفحہ 2 نمبر25)

09 کوہلو سے کامیاب ہونے والے امیدوار نواب جنگیز خان مری کی کامیابی کا نوٹیفکیشن کالعدم

کوئٹہ (آن لائن) جسٹس محمد عامر نواز رانا پر مشتمل الیکشن ٹریبونل نے میر نصیب اللہ خان کی طرف سے دائر کردہ الیکشن پٹیشن نمبر 2024؟52 پر فیصلہ سناتے ہوئے 09PB کوہلو سے کامیاب ہونے والے امیدوار نواب جنگیز خان مری کی کامیابی کا نوٹیفکیشن مورخہ 04 جولائی 2024 کو کالعدم قرار دیتے ہوئے چار پولنگ اسٹیشنز پر دوبارہ پولنگ کا حکم جاری کر دیا اور اس (باقی صفحہ 2 نمبر24)

ایف سی بلوچستان کے دو بہادر جوانوں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ڈیرہ بگٹی میں ایف سی بلوچستان کے جوانوں پر ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائیاں ریاست کے عزم کو متزلزل نہیں کر سکتیں۔ سماجی رابطے کی سائٹ پر اپنے ایک پیغام میں وزیراعلیٰ نے حملے میں ایف سی بلوچستان کے دو بہادر جوانوں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہداء نے وطن کے امن، سلامتی اور عوام کے تحفظ کے (باقی صفحہ 2 نمبر23)

تربت یونیورسٹی اور انجینئرنگ یونیورسٹی خضدار کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط

بلوچستان میں آبی وسائل کی بحالی اور چراگاہوں کی ترقی کے لیے مشترکہ کوششوں کا عزم

غذائی تحفظ اور ماحولیاتی پائیداری کو یقینی بنانے کے لیے اپنا کلیدی کردار ادا کرتی رہے گی

کوئٹہ (خ ن) تربت یونیورسٹی اور انجینئرنگ یونیورسٹی خضدار کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط، اقوام متحدہ کا ادارہ برائے خوراک وزراعت کے تعاون سے بلوچستان میں آبی وسائل کی بحالی اور چراگاہوں کی ترقی کے لیے مشترکہ کوششوں کا عزم یونیورسٹی آف تربت اور بلوچستان یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی خضدار کے مابین ریوائول آف بلوچستان (باقی صفحہ 2 نمبر26)

لیویز کی بحالی سمیت دیگر مطالبات پر عملدرآمد نہ کیا گیا تو ہم دوبارہ احتجاج شروع کریں گے، سانحہ زیارت شہداء

کوئٹہ (آن لائن) سانحہ زیارت شہداء کے لواحقین کے رہنما نسیم خان پانیزئی نے 42 زیارت شہداء کے پولیس اہلکاروں کی شہادت کے بعد مطالبات کے لئے ساتھ دینے پر تمام سیاسی جماعتوں، قبائلی عمائدین، وکلاء، سول سوسائٹی، طلباء، خواتین، تاجر تنظیموں سمیت تمام مکا (باقی صفحہ 2 نمبر27)

انسداد پولیو مہم کا آغاز، ڈپٹی کمشنر نے بچوں کو قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کر دیا

پانچ سال سے کم عمر کوئی بچہ پولیو ویکسین سے محروم نہ رہے، تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں

جعفرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان نے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر ضلع بھر میں انسداد پولیو مہم کا باضابطہ افتتاح کر دیا افتتاحی تقریب میں محکمہ صحت کے افسران، ڈاکٹرز، پیرا میڈیکل اسٹاف، پولیو ورکرز اور متعلقہ عملے نے شرکت کی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کو انسداد پولیو مہم، مائیکرو پلان، ٹیموں کی تعیناتی اور حساس علاقوں میں خصوصی انتظامات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر حضور بخش بگٹی بھی موجود تھے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان نے کہا کہ پولیو کا مکمل خاتمہ حکومت کی اولین ترجیحات (باقی صفحہ 2 نمبر28)

ممبر قومی اسمبلی عادل خان بازئی، کرن بلوچ، چیف انجینئر اسحاق مینگل، ڈاکٹر فرحت حسین، ڈاکٹر صفیہ، فائزہ سکندر اور دیگر بلوچستان ریفارمر سوشل نیٹ ورک کے زیر اہتمام سٹار آف بلوچستان ریفارمر کے اراکین کو ایوارڈ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

سورینج کوئلہ کان کا انسانیت سوز واقعہ قابل افسوس ہے، پشتونخوامیپ

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ بیان میں کوئٹہ سپین کاریز میں کوئلہ کان منہدم اور ضروری اقدامات نہ ہونے کی وجہ سے 34 افراد زندگی کی بازی ہار چکے ہیں۔ پارٹی ان انسانی قیمتی جانوں کی ضیاع پر انتہائی دکھ افسوس کا اظہار کرتی ہے

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ فون فیکس: 2824878 موبائل نمبر: 03337867133 ای میل: twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com